صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز چار شنبہ مورخہ 23 جون 2021ء بمطابق 12 ذیقعدہ 1442ہجری بعداز دوپہر دو بجکر سولہ منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، مشتاق احمد غنی مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاَللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

وَلِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ Oوَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيۡلًاO نۡ يَّشَاۡ يُذۡهِبۡكُمۡ اَيُّهَا النَّاسُ وَيَاۡتِ بِاٰخَرِيۡنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيۡرًاOمَنۡ كَانَ يُرِيۡدُ ثَوَابَ الدُّنۡيَا فَعِنۡدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ O وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيۡعًاۢ بَصِيۡرًاOيٰۤـاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا كُوۡنُوۡا قَوّٰمِيۡنَ بِالۡقِسۡطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوۡ عَلٰٓى اَنۡفُسِكُمۡ اَوِالۡوَالِدَيۡنِ وَالۡاَقۡرَبِيۡنَ Oاِنۡ يَّكُنۡ غَنِيًّا اَوۡ فَقِيۡرًا فَاللّٰهُ اَوۡلٰى بِهِمَا O فَلَا تَتَّبِعُوا الۡهَوٰٓى اَنۡ تَعۡدِلُوۡاOوَاِنۡ تَلۡوٗۤا اَوۡ تُعۡرِضُوۡا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرًا۔

(ترجمہ): ہاں اللہ ہی مالک ہے ان سب چیزوں کا جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں، اور کارسازی کے لیے بس وہی کافی ہے۔ اگر وہ چاہے تو تم لوگوں کو ہٹا کر تمہاری جگہ دوسروں کو لے آئے، اور وہ اس کی پوری قدرت رکھتا ہے۔ جو شخص محض ثواب دنیا کا طالب ہو اُسے معلوم ہونا چاہیے کہ اللہ کے پاس ثواب دنیا بھی ہے اور ثواب آخرت بھی، اور اللہ سمیع و بصیر ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو، انصاف کے علمبردار اور خدا واسطے کے گواہ بنو اگرچہ تمہارے انصاف اور تمہاری گواہی کی زد خود تمہاری اپنی ذات پر یا تمہارے والدین اور رشتہ داروں پر ہی کیوں نہ پڑتی ہو فریق معاملہ خواہ مالدار ہو یا غریب، اللہ تم سے زیادہ ان کا خیر خواہ ہے لہٰذا اپنی خواہش نفس کی پیروی میں عدل سے باز نہ رہو اور اگر تم نے لگی لپٹی بات کہی یا سچائی سے پہلو بچایا تو جان رکھو کہ جو کچھ تم کرتے ہو اللہ کو اس کی خبر ہے۔

اراکین کی رخصت

<u>جناب سپیکر</u>: جزاکم اللہ۔ Leave applications: محترمہ عائشہ نعیم صاحبہ، ایم پی اے آج کے لئے، محترمہ رابعہ بصری صاحبہ، ایم پی اے آج کے لئے، جناب مصور خان صاحب، ایم پی اے آج کے لئے، جناب محمد ظہور صاحب، معاون خصوصی آج کے لئے، Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> Leave is granted. Ji, Sardar Hussain Sahib.

بجٹ برائے مالی سال 22-2021ء پر عمومی بحث

<u>جناب سردار حسین</u>: شکریہ جناب سپیکر صاحب، چونکہ بجٹ ڈسکشن ہے، ڈیبیٹ بھی جاری ہے، ہم سب کی خواہش ہے کہ یہ اجلاس جاری رہے لیکن آج جانی خیل کے لوگ چوبیس دن ہوگئے دھرنے میں بیٹھے تھے، ظاہر ہے حکومت کو جانا چاہیئے تھا، ایڈمنسٹریشن کو جانا چاہیئے تھا، ان کو سننا چاہیئے تھا، یہ اسی صوبے کی Territory ہے، یہ ریاست اور حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے باشندوں سے پوچھیں کہ وہاں کیا مسئلہ ہے؟ اب وہ اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ کر رہے تھے، ان پہ شیلنگ کی گئی، ان کا راستہ روکا گیا، ابھی ابھی خبر آئی کہ وہاں پہ ایک جوان شہید ہو گیا ہے، جناب سپیکر، یہ لمحہ فکریہ اس حوالے سے ہے، حکومت کو سنجیدگی کے ساتھ بیٹھنا چاہیئے، وہاں پہ جو مسئلہ وہ اٹھارہے ہیں وہ ساری دنیا کو پتہ ہے، کل یہاں پہ ہمارے محترم وزیر صاحب طالبان کو دعائیں دے رہے تھے، ہم بد دعا نہیں دے رہے لیکن یہ پوچھنا ہماری ذمہ داری ہے، اپنے لوگوں کو تحفظ دینا، سر و مال کا تحفظ دینا یہ ریاست کی ذمہ داری ہے، ہم نہیں سمجھتے کہ کیوں اتنی غیر سنجیدگی کے ساتھ اتنے بڑے بڑے مسائل پہ، یعنی ایک دفعہ وہاں پہ ایک معاملہ ہوا، وہاں پہ چار نابالغ بچوں کو شہید کیا گیا، دھرنا دیا گیا، حکومت نے ایک راضی نامہ کیا، ایک Agreement ان عوام کے ساتھ کیا گیا، اس Agreement سے حکومت مکر گئی، اب جس بندے نے وہ دھرنا Conduct کیا تھا، اس کو شہید کیا گیا، چوبیس دن سے اس کی لاش پڑی ہے، اب میں نہیں سمجھتا کہ یہ کس طرح ریاست کی ذمہ داری ہے؟ لہذا یہ ہماری ذمہ داری بنتی ہے کہ ہم آواز اٹھائیں، جانی خیل کے عوام کے ساتھ آج جو زیادتی ہوئی ہے، ہم پرامن واک آؤٹ کرتے ہیں تاکہ یہ جو مسئلہ ہے یہ ریکارڈ پہ آ جائے، بلکہ ہم ریکویسٹ کرتے ہیں حکومت سے کہ سنجیدگی سے اس مسئلے کو لے لے، لہذا ہم پانچ منٹ کے لئے، دس منٹ کے لئے واک آؤٹ کرتے ہیں تاکہ اس مسئلے پہ حکومت سنجیدگی سے غور کرے۔

(اس مرحلہ پر حزب اختلاف کے اراکین واک آؤٹ کر گئے)

جناب سپیکر: جناب زبیر خان صاحب۔

جناب زبیر خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر، بجٹ تقریر کے دن اپوزیشن کا مثبت رویہ، ٹریژری بنچز کا مثبت رویہ یہ آپ کا دانشمندانہ، اصولی اور بہترین کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے جس پہ آپ، بلکہ پورا ایوان مبارکباد کا مستحق ہے۔ جناب سپیکر، بجٹ۔۔۔۔

جناب سپیکر: اکبر ایوب صاحب، آپ اور شوکت یوسفزئی صاحب جائیں اور ان کو ایوان میں لے آئیں۔

جناب زبیر خان: بجٹ ایک قومی دستاویز ہے جس میں آمدن اور اخراجات کا تخمینہ لگایا جاتا ہے، اس بار جو بجٹ پیش کیا گیا ہے، یہ ایک تاریخی بجٹ ہے، پاکستان تحریک انصاف کی حکومت نے ایک تاریخی بجٹ پیش کیا ہے، کیونکہ Covid-19 کی وجہ سے سارے بزنس پوری دنیا میں متاثر ہوئے لیکن شکر الحمد للہ ہماری قیادت نے ایک دانشمندانہ سوچ و فکر غور کے بعد ایک بہترین بجٹ عوام کے لئے پیش کیا۔ بہت سارے خدوخال ہیں، کس کس پہ ہم جائیں لیکن سب سے بہترین بات جو ہمیں لگی ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اکبر ایوب صاحب، خالد خان صاحب، آپ چلے جائیں۔ جی زبیر خان۔

جناب زبیر خان: اس میں تعلیم یعنی سکولوں میں اضافہ، اساتذہ کا اضافہ، اور یہی چیز ہوتی ہے کہ جس سے عام آدمی کو فائدہ پہنچتا ہے، عام آدمی میں شعور بیدار ہوتا ہے، تعلیم واحد ذریعہ ہے جس کی وجہ سے لوگ اوپر آتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ لوگ اس سے اوپر آتے جا رہے ہیں۔ اگر یہ باتیں ہو جائیں تو ان شاء اللہ امید ہے کہ ہمارا صوبہ خیبر پختونخوا تعلیم کے میدان میں بہت آگے چلا جائے گا۔ ہماری کچھ تجاویز ہیں، جو ذکر ہوا ہے کہ صوبہ اگلے سال میں 48.2 ارب کی لاگت سے تین ہزار کلومیٹر سڑکیں بنائے گا جس میں ڈیرہ موٹروے ہے، پشاور نادرن بائی پاس ہے، اور بہت ساری سکیمیں ہیں، اگر اس میں ایک اور Include کیا جائے، صوابی سے لیکر تھاکوٹ تک براستہ طورغر، تو یہ اور بہتر ہوگا تاکہ ہمارے جو پسماندہ اضلاع ہیں، بہت دور ہیں، ہم صوبے کے ساتھ Contact ہو جائیں گے، ہمارے لئے سفر میں آسانی پیدا ہو جائے گی۔ اگر اس مد میں اس سکیم کو شامل کیا جائے تو یہ ڈسٹرکٹ بٹگرام، ڈسٹرکٹ شانگلہ، کوہستان ان ساروں پہ ایک احسان ہوگا، برائے مہربانی، اس چیز پر غور کیا جائے۔ میرا تعلق ڈسٹرکٹ بٹگرام سے ہے جو کہ تعلیمی لحاظ سے ایک پسماندہ ضلع ہے، صحت کے لحاظ سے، لیکن شکر الحمد للہ وہاں پہ بہت سے سیکٹرز میں بہت سارا Potential موجود ہے، اگر آپ سیاحت کو دیکھ لیں، آپ انرجی کو دیکھ لیں، آپ فارسٹری کو

لیں،آپ ایگریکلچر کو لیں، میری تجویز یہ ہے، ہم چاہتے ہیں کہ وہاں پہ Investment کی جائے، حکومت وہاں پہ اپنے پیسے لگائے، ان شاء اللہ اللہ سے یہی امید ہے کہ اس سے ہم ڈبل ریونیو حکومت کو دیں گے، وہاں پہ آپ ایکسپرٹ ٹیم بھیجیں، وہاں پہ سروے کریں، Assessment کریں، لوگوں کو سنیں کہ وہ لوگ کیا چاہتے ہیں؟ اس کے مطابق ان کے لئے پلان بنایا جائے، ان شاء اللہ وہ لوگ قومی دھارے میں آ جائیں گے، ان کی احساس محرومی کم ہو جائے گی، وہ بہتر انداز سے اس ملک اور اس صوبے کی خدمت کر سکیں گے۔ جناب سپیکر، وہاں پہ پانی موجود ہے، جنگلات ہیں، بہت کچھ ہے لیکن ان کے لئے کوئی Mechanism نہیں ہے تاکہ وہ بہتر سے بہتر ہو جائے، میری گزارش یہ ہے کہ ان چیزوں پہ غور کیا جائے، ہمارے پسماندہ اضلاع کو اوپر اٹھایا جائے۔ بہت شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ۔ جناب نصیر خان آئے ہوئے ہیں؟ سلطان خان، آپ سپیچ کر چکے ہیں، آپ نے کر لی؟

<u>جناب سلطان محمد خان</u>: سر، نہیں کی۔

<u>جناب سپیکر</u>: آپ نے نہیں کی؟

<u>جناب سلطان محمد خان</u>: تھینک یو، جناب سپیکر۔ میں پہلی گزارش یہی کرونگا کہ دو ڈھائی سال میں یہاں پر فرنٹ بنچز پہ بیٹھا رہا جو میری وساطت کے مطابق خدمت تھی، وہ میں نے کی ہے، ریکویسٹ یہ ہے کہ اگر دو تین منٹ زیادہ ہو جائیں تو آپ اس میں درگزر ضرور فرمائیں گے۔ میں شکریہ ادا کرتا ہوں، میرے خیال میں سب سے پہلے مبارکباد یہاں پر حکومت کو، کابینہ کو دینے سے پہلے اپوزیشن کے آنریبل ممبرز اس وقت واک آؤٹ پہ ہیں لیکن اپوزیشن کو مبارکباد سب سے پہلے میں دیتا ہوں کیونکہ جس ماحول میں بجٹ سپیچ انہوں نے سنی اور اس ہاؤس کے اندر بجٹ Introduce ہوا جناب سپیکر، جو ماحول بلوچستان کی اسمبلی میں ہم نے دیکھا، اس سے پہلے ہم نے قومی اسمبلی کے سیشن میں جو ماحول دیکھا تو میرے خیال میں یہاں پر جمہوری و پارلیمانی اور صوبے کی روایات کو جس طریقے سے اس پورے ہاؤس نے برقرار رکھا تو یہ پورا ہاؤس مبارکباد کا مستحق ہے، پورا ملک آج اس ہاؤس کی طرف اور اس August House کی طرف دیکھ رہا ہے۔ جس طریقے سے ہم نے بجٹ پیش کیا وہ پورے ملک میں اس طریقے سے پیش نہ ہو سکا۔ (تالیاں) جناب سپیکر، میں وزیر اعلیٰ محمود خان صاحب کو مبارکباد دیتا ہوں، فنانس منسٹر تیمور جھگڑا صاحب کو مبارکباد دیتا ہوں، پوری کابینہ کو مبارکباد دیتا ہوں، یہاں پر اگر اس ماحول کو اچھا بنانے میں آپ

کی کرسی نے جو Role play کیا، آپ نے بذات خود جو Role play کیا، میرے خیال میں اگر اس کا ذکر نہ کیا جائے تو وہ بھی ناانصافی ہوگی۔ میں خصوصاً یہاں پر جب سے ہمارے چیف وہپ شوکت علی یوسفزئی اپوائنٹ ہوئے تو ہاؤس کے اندر جو Proceedings ہیں، اس میں بہتری آئی ہے، انہوں نے بھی بہت اچھا کردار ادا کیا۔ ایک تو اس ماحول میں جب بجٹ سپیچ سنی گئی، اپوزیشن کی طرف سے، اس سے دو فائدے ہوئے ہیں جناب سپیکر، ایک فائدہ یہ ہوا ہے کہ اپوزیشن ممبران نے سپیچ کو سنا، انہوں نے Notes لئے اور جو ڈسکشن یا ڈیبیٹ اس ہاؤس کے اندر ہوئی ہے، میرے خیال میں وہ بامقصد اور ایک علمی ڈیبیٹ ہوئی ہے، انہوں نے اچھی تجاویز بھی دی ہیں، بجائے اس کے کہ شور شرابہ ہوتا اور ہم Budget books ایک دوسرے کے اوپر پھینکتے، اس سے یہ فائدہ ضرور ہوا ہے کہ ہم نے صوبے کی بہتری کے لئے اس بجٹ کے اوپر ایک Meaningful debate میں حصہ لیا ہے۔ دوسرا جو فائدہ یہاں پر ہوا ہے جناب سپیکر، بدقسمتی یہ ہے کہ اگر الزام لگتا ہے اس ملک کے اندر تو وہ ہمیشہ پارلیمنٹ اور پارلیمنٹیرینز کے اوپر لگتا ہے، قومی اسمبلی میں جو واقعات ہوئے، بلوچستان اسمبلی میں جو ہوئے، اس کے بعد ملک کے اندر جو ڈیبیٹ چلی، وہ یہی تھی کہ یہ پارلیمنٹرینز جو ہیں، وہ ایک Civilize طریقے کے ساتھ اسمبلی کی Proceedings کو نہیں چلا سکتے ہیں، یہ ڈیبیٹ ہوئی اس ملک کے اندر کہ یہ پارلیمنٹرینز اہل نہیں ہیں، یہ پارلیمنٹرینز ملک کے لئے پالیسی بنانے اور ملک کو چلانے کے اہل نہیں ہیں، میرے خیال میں پوری خیبر پختونخوا اسمبلی نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ آئینی ادارے جتنے بھی ہیں، خواہ وہ عدلیہ ہے، خواہ وہ ایگزیکٹیو ہے، قانون اور آئین کے نیچے جتنے بھی ادارے ہیں، آج خیبر پختونخوا اسمبلی نے یہ ثابت کر دیا ہے، اگر اس پورے نظام کو کوئی Lead کر سکتا ہے تو وہ پارلیمنٹ کر سکتا ہے، وہ پارلیمنٹرینز کر سکتے ہیں۔ جناب سپیکر، میں ان چیزوں کو دہراؤں گا نہیں، جو یہاں پر Already بتائی گئی ہیں لیکن میں دو تین چیزوں کے اوپر ضرور بات کروں گا۔ ایک میں کابینہ سے اور جو حکومتی میرے بھائی ہیں، ان سے میری ریکویسٹ ہوگی، میں خود دو ڈھائی سال اسی کابینہ میں رہا، Pre-budget جو Consultation ہوتی ہے، ہم نے اس کے اوپر کیبنٹ میں بھی بات کی ہے، پارلیمنٹری پارٹی کے اندر بھی ہم نے بات کی ہے، یہاں پر اسمبلی کے فلور کے اوپر بھی ہم نے بات کی ہے، Pre-budget consultation پارلیمنٹرین کے ساتھ میں وزیراعلیٰ محمود خان صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ہمارے لئے میٹنگ بھی رکھوائی، ہم سے فرداً فرداً بھی ملے، ہم نے اپنے علاقے کی سکیم بھی بتائی، ہم نے ان کے ساتھ اپنا Feedback دیا لیکن اس کو Institutionalize ہونا چاہیئے، یا

توہر سال ایک Pre-budget session ہونا چاہیئے، وہ نہ ہو تو پھر کوئی Pre-budget seminar ہونا چاہیئے جہاں پر پارلیمنٹرین کو بلائیں، ان سے آپ رائے لیں، ہمارے بہت قابل ترین افسران ہیں جو بیوروکریسی میں بیٹھے ہوئے ہیں لیکن ان کا View point ایک طرح کا ہوتا ہے، ہم عوام کے درمیان چوبیس گھنٹے موجود ہوتے ہیں، ہمارا View point دوسرے طریقے سے ہوتا ہے، وہ صوبے کی بہتری کے لئے ہوتا ہے، جناب سپیکر، میری یہ رائے ہے کہ اگلے سال سے کم از کم Pre-budget seminar اور Pre-budget session ضرور رکھا جائے۔ جناب سپیکر، یہاں پر میرا ایک گلہ اپنے سٹینڈنگ کمیٹی کے جو چیئرمین ہیں یا چیئرپرسن ہیں، جتنی بھی سٹینڈنگ کمیٹیاں ہیں، ان سے بھی ہے، ان کے اوپر کوئی قدغن نہیں ہے کہ بجٹ سیشن کے شروع ہونے سے پہلے آپ اپنی سٹینڈنگ کمیٹی کو بلائیں، ڈیپارٹمنٹ کو بلائیں، سیکرٹری کو بلائیں، ان سے آپ پوچھیں کیونکہ یہ بجٹ والا سائیکل جو ہے یہ تقریباً فروری سے شروع ہوتا ہے، اگر مارچ میں، اپریل میں، مئی میں ایک میٹنگ ہر ایک سٹینڈنگ کمیٹی کرے، اس میں صرف بجٹ کے حوالے سے Feedback ڈیپارٹمنٹ سے لے، اپنی تجاویز دے، آج اس Annual Development Program میں ان سٹینڈنگ کمیٹیز کی وساطت سے ہمارے پارلیمنٹرین کا جو Feedback ہوتا وہ زیادہ بہتر آ جاتا، فیڈرل بجٹ کا ہمارے بجٹ کے اوپر بہت بڑا Impact ہے، یہاں پر اگر کچھ خبریں ہم سن رہے ہیں کہ پی ایس ڈی پی کی Allocation میں کمی ہوئی ہے، اس ایشو کو اس ہاؤس کے اندر ضرور اٹھانا چاہیئے، فیڈرل بجٹ میں یا تو یہاں پر حکومتی وزراء بیٹھے ہیں، انہوں نے فیڈرل بجٹ کی Books بھی سٹڈی کی ہونگی، اگر Allocation میں کمی ہے، میرے خیال میں This issue needs to be taken up with the federal government، بجٹ پاس ہونے سے پہلے پی ایس ڈی پی کے اندر ہمارے صوبے کے لئے کسی کمی کا کوئی جواز نہیں بنتا، بلکہ اس میں اور زیادہ پراجیکٹس ہمارے صوبے کو دینے چاہئیں۔ جناب سپیکر، Net Hydel Profit جو ہمارے ریونیو کا ایک بہت بڑا ذریعہ ہے، اس کے Dues ہمارے Arrears بھی رہتے ہیں، میں ضرور یہاں پر فنانس ڈیپارٹمنٹ کی تعریف کرنا چاہوں گا، انہوں نے ایک میکنزم بنایا ہے کہ تین ارب روپے تقریباً Monthly جو ہیں وہ فنانس ڈیپارٹمنٹ کو آتے ہیں، اس میں کمی وبیشی ضرور ہوتی ہے لیکن ایک میکنزم بنایا گیا ہے، میری ریکویسٹ یہ ہوگی کہ جو پراونشل ایشوز ہیں، جو اس وقت ہمارے Arrears رہتے ہیں، جو اس سال کے رہتے ہیں اور جو آنے والے سال میں جو Project کئے

ہیں، اس بجٹ بک میں، جناب سپیکر، میں فیڈرل گورنمنٹ سے یہ مطالبہ کرتا ہوں، پراونشل گورنمنٹ کو یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ ان سے مطالبہ کریں کہ یہ ہمارا NHP کے جو Dues ہیں، خواہ وہ Arrears ہوں، خواہ وہ Current dues ہوں، ہمارے صوبے کو وہ بروقت ادا کئے جائیں تاکہ ہم اپنی ڈیویلپمنٹ اور اپنے بجٹ کو صحیح طریقے سے اگلے سال میں چلا سکیں۔ جناب سپیکر، نیشنل فنانس کمیشن بہت Important ہے، مجھے پتہ ہے کہ وہ نیشنل فنانس کمیشن Constitute ہو چکا ہے لیکن Award ہونا بہت زیادہ ضروری ہے، میں صوبائی حکومت سے اور کابینہ سے یہ ریکویسٹ کروں گا، خاص کر فنانس منسٹر سے کہ وہ اس میں اپنی محنت کریں، اتنے سال بعد نیشنل فنانس کمیشن کا Award ضرور ہونا چاہیئے۔ یہاں پر جو بھی گلے آتے ہیں، اپوزیشن کی طرف سے یا ٹریژری ممبرز کی طرف سے، کہ ہمارے صوبے کا جو شیئر ہے وہ ہمیں صحیح طریقے سے نہیں مل رہا ہے، اس کی وجہ دراصل یہی ہے کہ فاٹا ضم ہو چکا ہے، یہاں کی آبادی بڑھ چکی ہے، یہاں پر Ground reality change ہو چکی ہے لیکن "نیشنل فنانس کمیشن ایوارڈ" وہی کا وہی ہے، اس کے اندر ہمیں ضرور کوشش کرنی چاہیئے کہ یہ Award ہو، دو تین چیزیں صرف جو اچھی ہیں، میرے خیال میں وہ بھی Highlight کرنی چاہئیں۔ ایک تو ایک کھرب روپے کا جو یہ ریکارڈ بجٹ ہے یہ بھی ایک کارنامہ ہے، میرے خیال میں اچھی بات ہے، اس پر بھی عمل درآمد ہو، دوسرا جو Development Outlay ہے، خاص کر ایجوکیشن اور ہیلتھ کا سب سے بڑا حصہ ہے، یہ اس بجٹ کا ایک Positive aspect ہے، میں یہاں پر KPPRA کی تعریف ضرور کرنا چاہوں گا، دونوں اس سے پہلے طاہر اورکزئی صاحب تھے، ابھی ہمارے دوسرے دوست یہاں پر آ گئے ہیں، فیاض علی شاہ صاحب، اور دونوں نے بہت اچھا کام کیا ہے، پچاس ارب روپے تک انہوں نے اس سال یہ Projected ہے کہ جب یہ Books close ہوں گی تو پچاس ارب ریونیو انہوں نے Collect کیا ہے، یہ ایک بہت زبردست ان کی Performance ہے، اگلے سال کا انہوں نے پچہتر (75) ارب روپے کا ٹارگٹ رکھا ہے، یہ ایک Flagship اور ایک اچھی سٹوری ہے، اس حکومت کی اور اس ٹرم کی ہے۔ گورنمنٹ ایمپلائز کو Last year کوئی ریلیف نہیں ملا تھا، اس سال میں خوش ہوں کہ ان کو دس پرسنٹ تنخواہوں میں Increase مل گیا ہے، باقی الاؤنسز میں بھی مل گئے ہیں لیکن میری ریکویسٹ یہ ہوگی کہ جو ہر سال Traditionally فنانس ڈیپارٹمنٹ کو جو بونس ملتا ہے، بجٹ کے تیار کرنے کے حوالے سے، اسی طرح یہاں پر ہماری صوبائی اسمبلی کا جو سیکرٹریٹ ہے، اس کے اندر جو لوگ کام کرتے ہیں، دن رات وہ بجٹ

سیشن کے اندر Facilitate کرتے ہیں، کام کرتے ہیں، میری ریکویسٹ یہی ہوگی کہ تین مہینوں کا یا جو بھی ہے وہ ان کو ضرور بونس اس دفعہ اناؤنس کریں، ان کو ضرور دیں۔ جناب سپیکر، جو Food basket کی بات کی گئی ہے، اس سے Inflation میں کمی آئے گی، میں ضرور اس کی تعریف کروں گا، میں نے گھنٹی دیکھ لی کہ آپ نے اٹھالی ہے لیکن میں دو تین منٹ اور لوں گا، میں نے پہلے سے آپ کو ریکویسٹ کی ہوئی ہے۔ جناب سپیکر، پنشن، سیلریز اور الاؤنسز کے بارے میں جو ریفارمز ہیں، میں تیمور جھگڑا صاحب کو اس پر سپورٹ کرتا ہوں کہ اس وقت بہت زیادہ پیسہ ہمارا جا رہا ہے اس طرف، تو یہ جو Contributory ایک سسٹم بنانے میں یہ مصروف ہیں، ہمیں اس کو سپورٹ کرنا چاہیئے کیونکہ آنے والے سالوں میں ہمارے پاس ڈیویلپمنٹ بجٹ نہیں رہے گا، ہم صرف تنخواہیں اور پنشن دیتے رہ جائیں گے، اس پر سیریس سوچنا چاہیئے، حکومت کو سپورٹ کرنا چاہیئے، اگر اپوزیشن کے جو دوست ہیں، ان کو بھی سپورٹ کرنا چاہیئے۔ جو ٹیکس ریلیف مختلف مدوں میں دیا گیا ہے، اس سے بھی فائدہ ہوگا۔ سر، چیلنجز ہیں، اس طرح نہیں ہے کہ چیلنجز نہیں ہیں، ریونیو ٹارگٹ پورا کرنا ایک بہت مشکل کام ہوگا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سلطان خان، Windup کیونکہ لسٹ لمبی ہے۔

جناب سلطان محمد خان: سر، میں دو منٹ میں Windup کرتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دو منٹ لے لیں۔

جناب سلطان محمد خان: سر، ریونیو ٹارگٹ میں ٹھیک ہے وہ چیلنج ہوگا، اس سال ہم نے اے ڈی پی میں جو Annual Development Program تقریباً اس میں جو خرچ کئے ہیں، یہ سسٹم ٹھیک ہونے چاہیئے، جو ہمارا Approval process ہے، اچھی بات ہے کہ First working day سے سارا Full release ہوگا، اچھی بات ہے لیکن اس کے علاوہ بھی یہ Approval کا Process اور Tendering کا Process یہ سارا نظام تھوڑا سا اس میں Speedup آنی چاہیئے تاکہ یہ سارے پراجیکٹس Complete ہوں۔ میں آخری دو باتیں ضرور اس ہاؤس کے سامنے رکھنا چاہوں گا۔ سر، یہ جو چارسدہ کے حوالے سے دو تین باتیں ہیں، یہاں پر ایک آنریبل خاتون ایم پی صاحبہ نے، حمیرا خاتون صاحبہ نے Point out کیا، میں وزیراعلیٰ صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ دو سال پہلے انہوں نے میری ریکویسٹ پر چارسدہ میں میڈیکل کالج اے ڈی پی میں رکھوایا ہے۔ اس کے علاوہ میری ریکویسٹ پر چارسدہ میں دو Flyovers اور میری ریکویسٹ پر چارسدہ میں وزیراعلیٰ صاحب نے ایک ایریگیشن کا 1.3

ارب روپے کا ایک پراجیکٹ رکھوایا، یہ کہنے میں مجھے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ وہ سارے پراجیکٹس اس اے ڈی پی میں شامل ہیں، ان شاء اللہ چارسدہ کے عوام کے ساتھ میرا اور جو دیگر ہمارے یہاں پر جو Representatives ہیں، یہ وعدہ ہے کہ ان شاء اللہ یہ پراجیکٹ جو میگا پراجیکٹ ہیں، وہ ہم ضرور چارسدہ میں Ground پر لیکر جائیں گے، اس سے چارسدہ کو فائدہ ہوگا۔ آخری بات میں یہ ضرور کہوں گا کہ یہاں پر ہر ایک ممبر، یہ بہت Important بات ہے، ہر ایک ممبر یہاں پر بہت محنت کرتا ہے، تنخواہوں کے بارے میں یہاں پر ایمپلائز کے بارے میں اور دیگر شعبوں کے بارے میں بات ہوتی رہتی ہے، میں یہ کہوں گا کہ ہم ممبرز جو ہیں، یہاں پر نہ ہماری تنخواہ پر کوئی بات ہوتی ہے، میں مذاقاً ایک بات کرتا ہوں، میرے بڑے اچھے دوست ہیں، یہ بیوروکریٹس جو افسران یہاں پر بیٹھے ہیں، ان کے ساتھ ہمیشہ جب بیٹھتا ہوں تو میں ان سے ایک بات کرتا ہوں کہ آپ لوگ ایک امتحان پاس کرکے آتے ہیں، بڑے قابل ترین لوگ ہوتے ہیں کیونکہ بہت بڑا امتحان ہوتا ہے، سی ایس ایس کا امتحان ہوتا ہے یا پی ایم ایس کا ہوتا ہے یا پبلک سروس کمیشن کا ہوتا ہے، میں ان سے کہتا ہوں کہ ہمارا تو امتحان روزانہ ہوتا ہے، چھوٹا سا ٹیسٹ ہم روزانہ پاس کرتے ہیں، اس کے بعد ہمارا ایک Final exam ہر پانچ سال بعد آتا ہے، وہ امتحان ہر پانچ سال بعد ہم اس میں پیش ہوتے ہیں، ہم اس میں فیل ہو جاتے ہیں یا ہم اس میں پاس ہو جاتے ہیں جناب سپیکر، ایک صوبائی اسمبلی کے ممبر کا جو کام ہے، وہ بڑا Important ہے، بڑی محنت کرنا پڑتی ہے لیکن ہم اپنی تنخواہوں کے بارے میں کوئی بات ہی نہیں کرتے، ہم اسی طرح سے گزارہ چلاتے رہیں گے۔ میں آخری ایک بات کرنا چاہتا ہوں، ممبرز یہاں پر صوبے کے لئے بات کرتے ہیں، اپنے ضلع کے لئے، اپنے حلقے کے لئے بات کرتے ہیں اور کرنی چاہیئے لیکن جو کل سے میں سن رہا تھا کہ مثلاً میرا ضلع چارسدہ ہے، وہاں زمینداری اچھی ہوگی تو وہاں پر صوبے کے لئے جو Food products ہیں وہ ملیں گے، کرک جو ہے، آئل اینڈ گیس میں وہ۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> سلطان خان، بہت ٹائم ہو گیا۔

<u>جناب سلطان محمد خان:</u> سر، آخری بات، مجھے سر۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> کیونکہ بہت لمبی لسٹ ہے۔

<u>جناب سلطان محمد خان:</u> سر، ختم کرتا ہوں، آخری بات ہو گی۔ کرک میں۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> پورے ہفتے میں ہم نہیں ختم کر سکتے۔

جناب سلطان محمد خان: سر، ایک Sentence میں میں ختم کرتا ہوں، آئل اینڈ گیس میں اگر کر ک ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دس منٹ تک ہر ممبر اپنے آپ کو محدود رکھے۔

جناب سلطان محمد خان: ہری پور، اگر وہ ہمیں پانی اور بجلی دیتے ہیں، جو چیلنجز ہمارے بارڈر پر جو افغانستان میں آج سیچویشن ہے اور Geopolitical چیلنجز ہمارے اوپر آرہے ہیں، ہم نے اپنے ضلع کا بھی سوچنا ہے، ہم نے اپنے صوبے کا بھی سوچنا ہے، ہم نے بطور پاکستانی بھی سوچنا ہے، یہ سارے Resources اکٹھے ہو کر اگر ہم متحد ہوں تو ان شاء اللہ اس ملک کو ترقی کی راہ پر لے کر جائیں گے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ان شاء اللہ۔

جناب سلطان محمد خان: اس میں سب سے بڑا جو Leading role ہوگا، اس پارلیمنٹ کا ہوگا، کسی اور ادارے کا نہیں ہوگا۔۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر حزب اختلاف کے اراکین واک آؤٹ ختم کر کے واپس تشریف لے آئے)

Mr. Speaker: Thank you very much.
Mr. Sultan Muhammad Khan: Thank you.

جناب سپیکر: عنایت خان صاحب بات کرنا چاہتے ہیں، جی عنایت خان صاحب۔

جناب عنایت اللہ: شکریہ جناب سپیکر صاحب، ہمارے واک آؤٹ کے دوران یہ Understanding بنی کہ یہ جو بابک صاحب نے جو نکتہ اٹھایا ہے، ہم دو تین بندے اس پہ دو دو منٹ بات کریں گے، میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا، میں اپنے Colleagues کو اندر بتا رہا تھا کہ جب ہم کشمیر کے حوالے سے ٹویٹ کرتے ہیں تو ہمیں نیچے لکھا جاتا ہے کہ آپ کشمیر پر تو بات کرتے ہیں لیکن خیبر پختونخوا کے اندر جو لوگوں کے ساتھ ہو رہا ہے، اس پہ بات نہیں کرتے ہیں، جب ہمارے اپنے ملک کے اندر Human rights violation ہوتی ہے، ہمارے لوگ جو ہیں وہ شہید ہوتے ہیں، چوبیس، پچیس پچیس دن لاش کو ایک جگہ رکھا جاتا ہے، حکومت اور ہمارے مقتدر ادارے وہاں جا کر اس مسئلے کو حل نہیں کرتے، Then we lose legitimacy on our international issues، لوگ پھر ہمیں کہتے ہیں کہ آپ کس منہ سے اس پہ بات کرتے ہیں؟ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ جو بابک صاحب نے مسئلہ اٹھایا ہے، بڑا Important ہے، ابھی بھی ایک خبر آئی ہے، سوشل میڈیا پر تصویریں بھی چل رہی ہیں کہ ایک نوجوان اس مظاہرے میں شہید بھی ہو گیا ہے، پولیس کی لاٹھی چارج یا شیلنگ کے نتیجے میں یا

Encounter کے نتیجے میں شہید ہو گئے ہیں، وہ لوگ اسلام آباد کی طرف جا رہے ہیں، اس سے پہلے بھی تین چار نوجوان جو تھے، جو Under age تھے، جو Fifteen year سے نیچے تھے، وہ شہید ہو گئے، اسلئے ہم حکومت سے ریکویسٹ کرتے ہیں کہ حکومت چونکہ خیبر پختونخوا کا مسئلہ ہے، خیبر پختونخوا حکومت اسکو سنجیدگی سے لے، اس مسئلے کو حل کرے، یہ نامناسب ہے کہ ایک لاش چوبیس دن تک مسلسل پڑی رہے، آپ اس کا مسئلہ اور اس کا حل نہ نکالیں۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں، آپ نے مجھے اس پہ موقع دیا۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ جی بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریه، جناب سپیکر صاحب، مونږ واک آؤټ هم اوکړو او بیا د حکومت دا وفد راغلو مونږه ئے هاؤس ته راوستو۔ جناب سپیکر، زما دا خیال دے چې دا بجټ ډیر زیات اهم دے خو چې دا څه زمونږه صوبه کښې روان دی او د پښتنو دې Belt کښې څه روان دی، زما دا خیال دے چې د دې هاؤس د طرف نه چې کوم Response دے هغه ډیر زیات مایوس کن دے۔ جناب سپیکر، مونږ به دې ته سوچ کوؤ چې دا دومره اولس چې راپاڅیدو او بیا د جانی خیل چې کومه علاقه ده، په هغې باندې خو اوس ماشومان هم پوهیږی چې شمالی وزیرستان، جنوبی وزیرستان، بنوں ضلع ده، بیا لکی مروت دے، دا هغه جانی خیلو نه لار افغانستان ته تلې ده، مونږ ئے ټول په دې رنړو سترګو وینو چې هغلته Good او Bad recruitments روان دی، په جانی خیل کښې هر کور کښې په هر دوئم کور کښې هلته Recruitment اوشو، هغه خلق په جار دا خبره کوی چې دلته بدامنی ده، دلته د بدامنئ اډې دی، دلته خلق بد امنی پهیلاوئ، دلته د ورځې په رنړا خلق اولی، سوال دا پیدا کیږی چې دا Territory د پاکستان د ریاست ده؟ دا جواب هغه خلق غواړی، سوال دا دے چې دې خلقو ته تحفظ ورکول د ریاست ذمه داری ده؟ دا پښتانه جواب غواړی، بیا کیږی څه؟ پرون دلته زما یو وزیر ورور خبره کوی چې زه طالبانو ته دعاکوم، ته ورله ختم هم اوکړه، زمونږ د هغوی د ذات سره جهګړا نشته خو جهګړا دا ده چې نامه د شریعت اخلی، نعره تکبیر الله اکبر وائی، بیګناه خلق وژنی، جناب سپیکر، د جانی خیل د خلقو د دې حکومت نه، د دې ریاست نه مطالبه ده چې هغوی احتجاج نه کوی نو هغوی څه اوکړی؟ دا حکومت دې ورته اووائی چې څلیریشت

ورځې دوئ يو ځائې کښې ناست وی، ځليريشت ورځې با اختياره خلق ورله نه ځی، په کومه خبره د هغوی يقين کيږی، هغه خبره ورته نه کيږی نو آيا دا د رياست باشنده ګان نه دی؟ هغوی څه اوکړی؟ زه بله خبره کوم، تاسو اوګورئ چې طالبانو صاحبانو خط ليکلے دے، په وزيرستان کښې، زه به اجازت غواړم چې دا خط به او دلته به د انتيلی جنس خلق هم ناست وی، دوئ دې له تګرا دی چې دا سياسی خلق ملاؤ شو، يو بل ته څه اوويئ خو دا ځيزونه نه وينی، هغه خط دا دے چې هغوی تنبيه ورکړې ده، تنبيه زه يو منټ کښې وايم، بيا د بجټ سپيچز دی، دا خط چې دے دا تحريک طالبان پاکستان اسلامی امارت وزيرستان د طرف نه په 22 جون باندې شائع شوے دے، دے وائی، دا تنبيه ده، بحيثيت امير طالبان شمالی وزيرستان کے عوام الناس کو بالعموم اور دوسرے ضلعوں سے تعلق رکھنے والے سرکاری یا غیر سرکاری ملازمت کرنے والی خواتین کو بالخصوص انتہائی سختی سے متنبہ کرتے ہیں کہ وہ وزیرستان کی سرزمین پر انگریزاوراس کے کارندوں کے لئے نوکری کرنے سے باز آجائیں ورنہ انجام سب کو معلوم ہے، ہماری بار بار تنبیہ کے باوجود بنوں یادیگر اضلاع کی خواتین سرکار کے نام یااین جی اوز کے ساتھ عوامی بہبود کے نام پر بے حیائی پھیلانے میں مصروف عمل ہیں، ان پر ہماری کڑی نظر ہے، ان شاء اللہ بہت جلد اپنے انجام کو پہنچادیں گے۔ کیا یہ خواتین اپنا آخری انجام سزائے قتل بھول گئیں کہ جس طرح اپنے گاؤں میں این جی اوز سے تعلق رکھنے والی بنوں کی چار لڑکیاں قتل کی گئیں لیکن اس کے باوجود بھی اگر کوئی غیر مقامی خاتون وزیرستان میں نوکری کرنا چاہتی ہے، چاہے وہ کسی سرکاری محکمے کے لئے ہو یاپولیو کے لئے ہو، آنے والے دسویں، بارہویں کے امتحان کی نوکری ہو یا این جی اوز کے لئے ڈیوٹی کرنی ہو، آج بھی بنوں وزیر قبیلے کی دو لڑکیاں پولیو اور خوراک کی این جی اوز میں کام کرتی وزیرستان میں گھومتی نظر آرہی ہیں۔ میں نے کل بھی اسی ہاؤس میں پوچھا تھا کہ پولیو کے قطرے پلانا حرام ہے، صرف پختون بچوں اور بچیوں کے لئے، اگر امن کے لئے بات کرنا حرام ہے، صرف ہمارے لئے، اب پھر کہیں گے کہ Anti-state statement دیتے ہیں، دیں گے، یہ Anti state statement نہیں ہے، یہ Anti-establishment stance ہے، کھلے عام کہیں گے، بار بار کہیں گے۔ جناب سپیکر، اب آپ خود سوچیں کہ میرے صوبے کے ہزراوں لوگ اپنے Coffin کو، اپنے جنازے کو اٹھا کر اسلام آباد اسی لئے جا رہے ہیں تاکہ دنیا کی ہیومن رائٹس تنظیمیں وہ جان سکیں کہ ہمارے ساتھ کیا ہورہا ہے؟ جناب سپیکر، کل

آپ جائیں، بونیر میں تین لوگوں کو پولیس نے مار دیا ہے، میں شاباش دیتا ہوں لیکن ان حالات کا ادراک کس نے کرنا ہے؟ ہم نے نہیں کرنا، ہم یہاں سکولوں پہ لڑیں گے، روڈز پہ لڑیں گے، بجٹ پہ یہاں لڑیں گے لیکن یہ انتہائی اہم مسئلہ ہے۔ میں آج سننا چاہتا ہوں سینیئر منسٹر کو کہ وہ کیا فرما رہے ہیں؟ جانی خیل کے جو عوام ہیں، وہ آپ کے صوبے کے باشندے نہیں ہیں؟ وہ اگر غلط بھی ہیں تو ان کے پاس جائیں، گورنر جائیں، وزیر اعلیٰ جائیں، چیف سیکرٹری جائیں۔ ----

جناب سپیکر: بابک صاحب، Windup کر لیں، پلیز۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر، مجھے احساس ہے کہ یہاں پہ-----

جناب سپیکر: دیکھیں، سب ہاتھ کھڑے کر رہے ہیں، بجٹ چھوڑیں تو پھر آپ سب کو میں موقع دے دیتا ہوں۔

جناب سردار حسین: نہیں، میں Windup کرتا ہوں-----

(شور)

جناب سپیکر: یہ چیزیں بجٹ میں نہیں ہیں، بس کریں، بابک صاحب، باقی کوئی نہیں کرے گا۔

(شور)

جناب سردار حسین: اور کوئی نہیں کرے گا، کوئی نہیں کرے گا-----

جناب سپیکر: ابھی پچاس لوگ رہتے ہیں۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر، میں یہی استدعا کرتا ہوں کہ آپ وہاں پہ جائیں، شمالی وزیرستان میں، جنوبی وزیرستان میں، ڈی پی او سے پوچھیں، ڈپٹی کمشنر سے پوچھیں، تحصیلدار سے پوچھیں، یہ عوامی نمائندے یہاں پہ بیٹھے ہیں ایکس فاٹا کے، جس پارٹی سے بھی ان کا تعلق ہے، ان کو بولنا چاہیئے، یہ اگر اپنی قوم کے لئے نہیں بولیں گے تو کس کے لئے بولیں گے؟ جناب سپیکر، ہم اپنی قوم کے لئے اگر پانی کا مطالبہ کرتے ہیں، سکول کا مطالبہ کرتے ہیں تو ان کی زندگی کا مطالبہ کیوں نہیں کرتے؟ یہ بڑا سیریس ایشو ہے، میں چاہوں گا کہ یہاں سے سینیئر منسٹر حکومت کو Directive دیں کہ پولیس وہاں کیوں شیلنگ کرتی ہے؟ ایک بچہ وہاں پر ابھی مار دیا، وہاں پہ ساری دنیا دیکھ رہی ہے کہ پولیس خود اپنی وین کو آگ لگا رہی ہے، ویڈیو موجود ہے، اس سے نمبر پلیٹ ہٹا کر، یہ پولیس کس کے کہنے پہ یہ کام کر رہی ہے؟ جناب سپیکر، میں صرف یہی کہنا چاہتا ہوں، حکومت مہربانی کرے، حکومت بہت اچھی ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ

سوسائٹی ہے، یہ ایک Initiative ہے لیکن اپنے عوام کی ہم نمائندگی کرتے ہیں، آپ اٹھیں، بات کریں، ان کے پاس جائیں، جرگہ لے جائیں، کور کمانڈر کو ساتھ لے جائیں، اس فیصلے کا اختیار آپ کے پاس نہیں ہے، مجھے پتہ ہے، ان کو ہم ذمہ دار نہیں کہتے، ہمارے وقت میں بھی اس طرح تھا لیکن ہم کھڑے تھے، ایک Political will تھی، کون کہہ سکتا ہے کہ ہم اپنے عوام سے پیچھے تھے؟ اس وقت بھی ہمارا اختیار نہیں تھا، جو لوگ اس وقت یہ کام کر رہے تھے، اب بھی وہی لوگ یہ کام کر رہے ہیں لیکن ہم اپنے عوام کے ساتھ ڈنکے کی چوٹ پہ کھڑے تھے، اسی لئے ہماری لاشیں گریں، اسی لئے ہمارے بڑے بڑے پارلیمنٹرینز کو شہید کیا گیا، اسی لئے ہمارے بڑے بڑے آفیسرز کو شہید کیا گیا، ہماری ان دہشتگردوں کے ساتھ کونسی ذاتی دشمنی ہے؟ آج بھی ہمیں نہیں چھوڑ رہے ہیں، یہ بہادر خان سے پوچھیں، یہاں پہ بیٹھے ہیں، ہم اس کے ضلع میں پختونخوا کا جشن منا رہے تھے، ہم نے ایک جلسے سے چھیاسٹھ لاشیں اٹھائی ہیں، جناب سپیکر، کونسا جرم ہم نے کیا تھا؟ ہم سارے پختون ہیں، یہ ہمارا صوبہ ہے، یہاں امن لانا ضروری ہے، یہ آپ پوچھیں کہ یہاں سارا کچھ حرام ہے، یہاں میری مسجد بھی حرام ہے، مسجدوں میں بھی دھماکے ہوتے ہیں، یہاں میری نماز جنازہ بھی حرام ہے، یہاں نماز جنازہ میں دھماکے ہوتے ہیں، یہاں میرا اسکول بھی حرام ہے، پنجاب میں تو سب کچھ حلال ہے، کیا کچھ ہو رہا ہے، کیا کچھ نہیں ہو رہا ہے؟ میں اس تفصیل میں نہیں جانا چاہتا لیکن میں حکومت سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ ہمیں اسمبلی میں بیٹھنا نہیں چاہیئے، ہمیں اپنی زندگی چاہیئے (تالیاں) آپ اٹھیں، باجوڑ میں دیکھیں، کرم میں دیکھیں، نئے سرے سے یہ جو آگ لگائی گئی ہے جناب سپیکر ۔۔۔۔

جناب سپیکر: تھینک یو، بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: Windup کرتا ہوں، مساجد میں اسلام کے نام پہ چندے ہو رہے ہیں، شریعت کے نام پہ چندے ہو رہے ہیں، مذہب کو بدنام کیا جا رہا ہے، ملک کو بدنام کیا جا رہا ہے، پختونوں کو تباہ کیا جا رہا ہے، جناب سپیکر، ہر جماعت نے کھل کر اس پہ بات کرنی ہے، یہ مسئلہ اے این پی کا نہیں ہے، یہ مسئلہ اس سارے ملک کا ہے، اگر اس طرح کے حالات رہے تو کوئی امن سے نہیں رہے گا۔

جناب سپیکر: تھینک یو، رپورٹ آ گئی ہے۔ جی شوکت صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وافرادی قوت): جناب سپیکر ۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی شوکت یوسفزئی صاحب۔

وزیر محنت وافرادی قوت: سر، یہ آج کا جو واقعہ ہے، بالکل افسوسناک ہے، ہمیں اس پہ دکھ بھی ہے، تکلیف بھی ہے کیونکہ تین جگہوں پر اس وقت انہوں نے دھرنا دیا ہوا ہے تھا، ایک جانی خیل مروت کینال ہے، ایک بکہ خیل ہے، ایک ٹوچی پل، یہ تقریباً کوئی چار ہزار کے قریب لوگ وہاں پہ بیٹھے ہوئے ہیں الگ الگ گروپ کی شکل میں، یہ جو واقعہ ہوا، یہ مروت کینال کے پاس، یہ لوگ اسلام آباد جانا چاہتے تھے، اب ظاہر ہے کہ ان لوگوں کے پاس اسلحہ بھی ہوگا کیونکہ فائرنگ بھی ہوئی ہے، ٹکراؤ بھی ہوا ہے، اگر لاء اینڈ آرڈر کی Responsibility پولیس کے پاس ہے، ظاہر ہے انہوں نے روک لیا ہوگا اور جو اطلاعات ہیں، اس میں جو میریانی وہاں پہ جو تھانہ ہے، اسکی موبائل انہوں نے جلائی ہے، پولیس کو انہوں نے زخمی کیا ہے، اگر پولیس تشدد کرتی تو پھر عوام زخمی ہوتے، اب تک ایسی کوئی اطلاعات نہیں آئی ہیں، میں نے وہاں سے پوری انفارمیشن لے لیں، انہوں نے کہا کہ عام لوگوں میں کوئی زخمی نہیں ہے، اسکا مطلب ہے کہ وہ لوگ زبردستی کرنا چاہتے تھے۔ اسکے علاوہ میں اپنے بھائی سے گزارش کروں گا کہ کچھ عرصے بعد، آپ کو پتہ ہے کہ پہلے ہمارے منسٹرز صاحبان بھی گئے، چار منسٹرز گئے، ان سے بات کی، وزیر اعلیٰ صاحب گئے، دو ارب روپے کا پیکیج دیا، ایک چیز جو Verbally ان کیساتھ Commit ہوئی تھی، وہ یہ کہ آئندہ آپ احتجاج کریں لیکن لاشوں کو سڑکوں پر نہ رکھیں کیونکہ یہ نہ اسلام میں ہے، نہ ہماری روایات میں ہے، آج بھی اگر آپ دیکھیں، بیس دن سے وہ لاش سڑک پہ رکھے ہوئے ہیں، یہ لاش کی بے حرمتی ہورہی ہے، میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں، میرا پختون ہونا اور نہ ہونا، مجھے اسکی ضرورت نہیں ہے، (شور) میرے بھائی، صرف باتیں کرنے سے پختون نہیں بن سکتا، آپ مجھے یہ طعنہ نہ دیں کہ آپ پختون ہیں، جاکر دیکھ لیں۔۔۔

جناب سردار حسین: خلق دا جواب ورکوی، ته حکومت ئې۔

(شور)

وزیر محنت وافرادی قوت: میں بالکل یہ جواب دے رہا ہوں، میں حکومت ہوں لیکن آپ کی مرضی پہ نہیں چل سکتا، آپ چاہتے ہیں کہ میں دوبارہ وہ دور واپس لوٹادوں جس میں لاشیں اٹھائی جاتی تھیں، جس میں یہ صوبہ خون خون ہورہا تھا۔۔۔۔

جناب سپیکر: بابک صاحب، پلیز مہربانی۔

وزیر محنت وافرادی قوت: پلیز، اس طرح باتیں نہ کریں، ہم چاہتے ہیں کہ امن قائم ہو، ہم چاہتے ہیں کہ ہر صورت میں امن قائم ہو، ہماری First priority ہے کہ لوگوں کو تحفظ ملے، امن آئے، لاشوں کو

سڑکوں پہ رکھنا، یہ اسلام میں نہیں ہے، یہ کہتے ہیں کہ مساجد میں چندہ ہو رہا ہے، پختون اس سے بدنام ہو رہے ہیں، مولوی صاحبان آپ کے ساتھ بیٹھے ہیں، وہ کیوں خاموش ہیں؟ وہ بتائیں کہ چندہ مسجد کے اندر کیا حرام ہے؟ یہ ہماری ذمہ داری تو نہیں ہے کہ ہم اس کا جواب دیں، مولوی صاحبان بیٹھے ہیں، یہاں پہ لطف الرحمان صاحب آج نہیں ہیں، وہ کل آئیں گے تو میں ان سے مطالبہ کروں گا کہ وہ اس کا جواب دیں، واقعی اس سے پختون روایات Damage ہو رہی ہیں، پختون روایات ایسی نہیں ہیں کہ ہر چیز پہ Damage ہو جائیں، یہ ایک مضبوط کلچر ہے، ہر کلچر مضبوط ہوتا ہے، ہر قوم کا اپنا کلچر ہوتا ہے، باتوں سے نہ کلچر بنتا ہے نہ بگڑتا ہے، میں ایک عرض کرنا چاہتا ہوں، ہم کوئی ایسی حرکت نہیں کرنا چاہتے جس سے ہمارے صوبے کے اندر امن وامان کا مسئلہ پیدا ہو، یہ اشتعال دلانا اور جذباتی تقاریر کرنا، یہ تو ماضی میں ہم نے دیکھا، اس کا حشر کیا ہوا؟ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ماضی میں یہی ہوا، ہم ڈنکے کی چوٹ پہ کھڑے ہیں، ہم یہاں کھڑے ہیں، وہاں کھڑے ہیں، یہ لاشیں گرتی رہیں، اپنے لوگ بھی چلے گئے، ہم لاشیں گرانا نہیں چاہتے، نہ لاشوں پہ سیاست کرنا چاہتے ہیں، ہم ان سے ریکویسٹ کریں گے، Again request کریں گے کہ جو مطالبات ہیں، جہاں ترقیاتی مسئلہ ہے، آپ بتائیں کہ ہمارا شاہ محمد وہاں کا منسٹر ہے، وہاں کا ایم پی اے ہے، دوارب کے پیکیج سے وہ خود دستبردار ہوا ہے، وہ کہتا ہے کہ آپ خود فیصلہ کریں، یہ دوارب کے پیکیج میں آپ خود سکیمیں دیں، اگر ان کی آپس میں نہیں بن رہی، میں بابک صاحب سے ریکویسٹ کروں گا کہ جائیں، ان کو منائیں، ہم نے تو پیکیج دے دیا ہے، اب اگر ہماری ضرورت ہے تو ہم پھر بھی حاضر ہیں، سارے منسٹر جانے کو تیار ہیں، وہ ہماری قوم ہیں، ہمارے لوگ ہیں، ہمارے پختون بھائی ہیں لیکن آپ بتائیں کہ اگر ان کے اپنے اندر سیاست ہے، اگر وہ آپس میں نہیں بیٹھ رہے تو یہ بہت بڑا ایشو ہے، اس پہ میں اپنے اپوزیشن کے بھائیوں سے ریکویسٹ کروں گا کہ یہ ایسا نہیں ہے کہ ہم الگ ہیں آپ الگ ہیں، ہم ایک ہی لوگ ہیں، ایک ہی صوبے کے لوگ ہیں، اگر امن ہو گا تو آپ بھی امن سے ہونگے، اگر امن خراب ہو گا تو یہاں منسٹر پہلے دو دو، تین تین سیکورٹی گاڑیوں میں پھیرتے رہے، آج کسی منسٹر کو یہ فکر نہیں ہے، کسی ایم پی اے کو کہ جی اس کے پیچھے سیکورٹی کی لائنیں لگی ہوں، میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں، اگر ماحول کو بہتر کرنا ہے، حالات کو بہتر کرنا ہے، اس پہ گورنمنٹ اور اپوزیشن ایک ہی ہوتی ہے، کوئی ہم باہر سے لوگ نہیں آئے ہوئے ہیں، میں ان سے ریکویسٹ کرونگا کہ اس میں ہمارے ساتھ تعاون کریں، میں تعاون کی اپیل کرتا ہوں، بجائے اس کے کہ ہم صرف ایک دوسرے کو طعنہ دیں، مسئلہ ہمارا ایک ہی

ہے، آج ہم یہاں پہ، کل یہ حکومت میں ہونگے، اس سے پہلے یہ حکومت میں تھے، میرے خیال سے وہ ایشوز جن سے امن وامان کا خطرہ ہو جناب سپیکر، صوبے کے ماحول کو خطرہ ہو، ہم نے وہ حالات بھی دیکھے ہیں کہ یہاں پہ صرف بارود کی بو آتی تھی، دھماکے ہوتے تھے، اس سے کیا ہوا؟ صوبہ بہت پیچھے چلا گیا، اب اللہ کے فضل سے صوبہ واپس اپنے Track پر آ رہا ہے، وہ تمام لوگ جو بھاگ چکے تھے، جو Investment لے جا چکے تھے، وہ واپس آ رہے ہیں، اعتماد بحال ہوا ہے، یہ ہم سب کی بھی قربانیاں ہیں، میں یہ نہیں کہہ رہا ہوں، ہم سب نے قربانیاں دی ہیں، اس صوبے کے عوام نے دی ہیں، پولیس نے دی ہیں، فورسز نے دی ہیں، اس کے نتیجے میں اگر ماحول بہتر ہوا ہے، ایک جگہ سے ماحول خراب ہونے کی کوشش ہو رہی ہے جناب سپیکر، میں اپیل کرونگا کہ اس میں ہمارے ساتھ تعاون کریں، ہم مل کر ان حالات کو بہتر بنانے کی کوشش کرتے ہیں، بہت شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>:: جناب خوشدل خان۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: جناب، میں ایک بات کرنا چاہتا تھا۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: بس پلیز، دیکھیں، یہ سارے آپ ہی کے لوگ ہیں، پھر مجھ سے اپوزیشن کا کوئی گلہ نہیں کریگا، کل آخری دن ہے، جو کل چھ بجے تک ہو گیا، وہ ہو جایگا اور جو رہ گیا وہ رہ جائیں گے۔ جی خوشدل خان!

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ چونکہ اس معاملے پر ہمارے بابک صاحب نے بھی کافی طویل بات کی، میرے دوست نے بھی جواب دے دیا، میں حکومت کو ایک Suggestion دے رہا ہوں، یہ واقعات تو ہوتے رہتے ہیں لیکن میری یہ Suggestion ہے کہ وہاں پر ڈی سی بھی موجود ہے، ڈی پی او بھی موجود ہے اور آرمی کا جو کمانڈر ہوتا ہے، میں یہ ریکویسٹ کرونگا کہ ان کو بلا کر اسمبلی میں ہمیں In camera briefing دے دیں، یہ ہمیں بتادیں کہ اب تک کتنی اموات ہوئی ہیں، کتنی قتل و غارت ہوئی ہے؟ ان کی آیف آئی آرز کاٹی گئی ہیں، ایف آئی آرز درج ہوئی ہیں، ان میں کتنی Progress ہوئی ہے؟ تاکہ ہمیں بھی پتہ چل جائے کہ وہاں پر کیا ہو رہا ہے؟ یہ میری ایک Suggestion ہے کہ In camera briefing ہمیں دے دیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو۔ جی ثوبیہ شاہد صاحبہ۔

<u>جناب منور خان</u>: جناب سپیکر، ایک منٹ۔

جناب سپیکر: منور خان صاحب، دیکھیں، بجٹ ادھر ہی رہ جائیگا، آپ لوگ تو اپنی تقریریں کر چکے ہیں، آپ بجٹ پہ کریں، اگر آپ ایسا کرینگے تو میں Sitting adjourn کر دونگا، یہ کوئی طریقہ نہیں ہے، بجٹ میں کوئی دوسرا بزنس نہیں ہوتا، Even then اس کی Importance کو دیکھ کر میں نے Allow کر دیا، اب اگر آپ سارے اس طرح کرتے رہیں گے تو پھر تو کچھ نہیں رہتا۔ منور خان صاحب، پلیز مہربانی کریں، اس کی میں اجازت نہیں دونگا، منسٹر نے جواب دیا ہے، اس سے کچھ جواب بھی لینا تھا، Please there is no time. جی ثوبیہ۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب، میں فنانس منسٹر کو Appreciate کرتی ہوں کہ جس نے اتنے آسان الفاظ میں اس دفعہ جو روایات ہیں، ان کو Change کرکے اور بہت ہی خوبصورت طریقے سے یہ بجٹ کا جو سپیچ ہے وہ تیار کی تھی، عوام کے لئے، اس ہاؤس کے لئے پیش کی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، اس کے لئے میں ایک شعر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ بجٹ کے Get-up کے بارے میں بات کر رہی ہیں یا دوسری؟

محترمہ ثوبیہ شاہد: شوق پرواز کار کھتے ہو تو شاہین بنو
ورنہ کوے بھی ہواؤں میں اڑا کرتے ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: واہ جی۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب، (قہقہہ) جناب سپیکر، اس میں جو ترقیاتی بجٹ کے فگرز بتائے ہیں، جناب سپیکر صاحب، وہ بجٹ تقریر میں 371، اے ڈی پی میں 316 ارب اور وائٹ پیپر میں 351 ہے، بجائے ان تصویروں کے، اس پہ آپ ذرا غور کریں، ہمیں ٹھیک فگرز اور تینوں میں تو بڑا اچھا فرق ہے۔ دوسرا، میں زیادہ ٹائم نہیں لونگی کیونکہ دس منٹ ہیں، اس بجٹ میں Throw forward، دس منٹ میں آپ کو میں یہ دس جو مسئلے ہیں چن چن کر بتادیتی ہوں۔ Throw forward جو ہے وہ 974 بلین ہے جبکہ بجٹ جو ہے، وہ بنایا ہوا ہے 1118 ارب کا، یہ Throw forward ابھی ہمیں سمجھ نہیں آ رہی ہے کیونکہ بجٹ سپیچ میں فنانس منسٹر صاحب نے بتایا ہے کہ یہ ایک بہت اچھا اور زبردست اور First time اس طرح بجٹ آیا ہے، جو نظر بھی آ رہا ہے کہ Throw forward اتنا آ رہا ہے، ایک 1118 میں کس طرح یہ بجٹ Complete ہوگا؟ جو ایک سوال بن کر رہ گیا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، دوسرا جو فاٹا کے ساتھ وعدہ کیا گیا ہے 34.7 بلین کا، جو این ایف سی سے آئے گا، تینوں صوبوں

کو Last three years میں ابھی تک این ایف سی Three percent جو ہے کسی صوبے کو نہیں دیا تو کیا یہ ایک اور ڈرامہ فاٹا کے ساتھ ہو رہا ہے؟ اس کا مطلب ہے کہ کوئی کام Complete نہیں ہوگا اور نہ کوئی ترقیاتی کام ہوگا۔ جناب سپیکر صاحب، تین نمبر پر لوکل گورنمنٹ ہے، اس سے پچھلی گورنمنٹ میں Thirty percent ہر ضلع کو دیئے جاتے تھے، اس دفعہ کاٹ کر Twenty percent کر دیئے گئے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، چار نمبر پر گلیات کا غان، ان ہوٹلوں پہ ٹیکس لگایا گیا ہے جبکہ بتا رہے ہیں کہ ہم اس دفعہ سیر و تفریح اور سیاحت کو فروغ دینگے، یہ کہاں کا انصاف ہے؟ NHP کا 2018ء تک 19 بلین، جو ان کا 36 بلین قرضہ تھا، 19 بلین اس میں ادا ہو چکا تھا لیکن 19 بلین میں جو 2021ء میں 21 بلین کے بقایاجات ہیں، وہ Last year سے ان کی ادائیگی Zero ہے، اس دفعہ اس کے 29 بلین آرہے ہیں جو کہ ہم آئندہ دینگے، ہمیں Sixty seven percent ان پر قرضہ دے رہا ہے، آپ لوگوں نے بجٹ میں بتایا ہے کہ ہمیں 74 ملیں گے لیکن اگر آپ لوگ احتجاج نہیں کر سکتے تو ہمیں بتائیں، ہم آپ لوگوں کی ریکویسٹ پر احتجاج کرینگے، آپ ہی لوگوں کی گورنمنٹ سے ہم یہ اس صوبے کے جو واجبات ہیں، ان کو واپس لے لیں گے۔ جناب سپیکر صاحب، وہ بتا رہے تھے کہ اس دفعہ بجٹ پہ کسی نے احتجاج نہیں کیا، جناب سپیکر صاحب، احتجاج ہوا ہے، یہ اس طرح احتجاج تھا کہ اس حکومت نے اپوزیشن سے جو احتجاج کی ایک روایت آرہی تھی، اس سے وہ حق بھی چھین لیا ہے کیونکہ اس اپوزیشن کو اور اس ملک کو پتہ چل چکا ہے کہ آپ لوگوں کے سامنے احتجاج کرنا، کوئی بات کرنا، اپنا ٹائم ضائع کرنا ہے، آپ لوگوں نے سننا نہیں ہے، اوپر سے میں یہ کہونگی، اس دیس میں اندھے حاکم ہیں، نہ ڈرتے ہیں، نہ نادم ہیں، نہ لوگوں کے خادم ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، اس پہ جو ہماری یہ اپوزیشن ہے، اس نے آرام سے سنا، جو آپ لوگ کرتے ہیں کریں لیکن یہ تو نہیں ہے کہ اس بجٹ کے ان الفاظ میں اس طرح مفروضے ہوں، ہمارے اس صوبے کا بیڑا غرق ہو جائے، سی این جی اور سروس سٹیشن پر پندرہ ہزار سالانہ ٹیکس لئے جاتے تھے جبکہ اس کو 43 ہزار تک لیکر آئے ہیں، اس بجٹ میں جو کہہ رہے ہیں کہ ہم نے پنشن کو سو فیصد بڑھایا ہے جو ٹیکس فری بجٹ ہے، 7.5 بیواؤں پر بھی ٹیکس لگا چکے ہیں، جس میں اتنا بڑا بڑا لکھا ہے کہ ایک ارب کی بچت ہوگی، وہ ٹیکس بیواؤں پہ بھی لاگو ہو چکا ہے، یہ بہت بڑی ناانصافی ہے۔ جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جناب سپیکر۔۔۔۔

جناب سپیکر: مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے، نگہت بی بی، کل یہ لسٹ پھر رہ جائیگی، یہ بہت بڑی لسٹ ہے، تمام آنریبل ممبرز کو میں کہتا ہوں، ساری لسٹ رہ جاتی ہے، یہ بہت سے ممبران۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر، ہر سال جو Merged اضلاع ہیں، ان میں سو ارب جناب سپیکر صاحب، سو ارب کا وعدہ کیا گیا تھا، اس دفعہ 54 ارب کا آپ لوگوں نے کیوں کہا ہے؟ جو ضم اضلاع ہیں، ان کا گناہ کیا ہے کہ آپ اس کو سو ارب نہیں دینگے؟ وہ آپ لوگوں نے لکھا ہے کہ اس میں یکم جولائی تک 54 ارب آئیں گے، سو فیصد آپ اے ڈی پی میں استعمال کرینگے، یہ Last year کا بجٹ ہے جس میں سے 317 ارب کے آپ لوگوں کا جو بجٹ تھا، ترقیاتی بجٹ، اس میں صرف 168 ارب استعمال ہو چکے ہیں، 154 ارب روپے استعمال نہیں ہو سکے، یکم جولائی تک بجٹ سپیچ کے مطابق آپ کس طرح 371 جو آپ لوگوں کا بجٹ ہے، وہ کس طرح آپ لوگ استعمال کرینگے؟ جناب سپیکر صاحب، کل جیو ٹی وی پر بار بار آرہا تھا کہ ہمارے موٹروے کو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: Windup کریں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: ہمارے موٹر وے کو، ہمارے ائیر پورٹس کو بھی گروی رکھا گیا ہے، یہ ناانصافی ہے۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Order in the House, please.

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب، پی ٹی آئی حکومت کو ان چیزوں کی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں نے کل بھی کہا تھا، جب آنریبل ممبرز آپس میں باتیں کرتے ہوں تو یا لابی میں جا کر گپ لگائیں، یہاں نہیں ہونا چاہیئے۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب، جو موٹروے اور ائیرپورٹ کی بات ٹی وی پہ آرہی ہے، اس کو بھی آپ گروی رکھ رہے ہیں، اس ملک کا آپ لوگ بیڑا غرق کر رہے ہیں، ایک اور بات ہے کہ جو پرائم منسٹر عمران خان نے بات کی ہے کہ میں اڈے نہیں دوں گا۔ اس صحافی کی جرات کیا تھی جو اس نے ان سے سوال کیا کہ پاکستان کے اڈے آپ دینگے کہ نہیں، پشتو میں بولتے ہیں: چې اوګه دې نه ده خوړلې نو د خلې نه به دې بوئ نه ځی، اس کا مطلب ہے کہ جو یہ باتیں چل رہی ہیں، ہمارے موٹرویز بھی گروی رکھے گئے ہیں، اب ائیرپورٹس بھی گروی رکھے گئے ہیں، ساتھ میں۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Thank you Madam, your time is over.

چلیں، ایک منٹ میں Windup کریں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: اسکی بھی ضرورت نہیں ہے۔ جناب سپیکر، عمران خان صاحب نے کہا ہے کہ ہمیں ایٹم بم کی بھی ضرورت نہیں ہے، یہ ہماری قوم کے لئے اور ہم سب کے لئے شرمندگی کی بات ہے، تھینک یو۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ جی کنڈی صاحب۔

جناب احمد کنڈی: جی شکریہ۔ ؎ ہویدا آج اپنے زخم پنہاں کر کے چھوڑونگا

لہو رو رو کے محفل کو گلستان کر کے چھوڑونگا

جلانا ہے مجھے ہر شمع دل کو سوز پنہاں سے

تری تاریک راتوں میں چراغاں کر کے چھوڑونگا

پرونا ایک ہی تسبیح میں ان بکھرے دانوں کو

جو مشکل ہے تو اس مشکل کو آسان کر کے چھوڑونگا

دکھادونگا جہاں کو جو میری آنکھوں نے دیکھا ہے

تجھے بھی صورت آئینہ حیراں کر کے چھوڑونگا

جو ہے پردوں میں پنہاں چشم بینا دیکھ لیتی ہے

زمانے کی طبیعت کا تقاضا دیکھ لیتی ہے

جناب سپیکر، میں دس منٹ کے اندر مختصر بات کرونگا۔ صوبائی حکومت کے فنانس منسٹر نے پانچ ستونوں پہ یہ بجٹ رکھا ہے، میری باتیں پانچ ستونوں پہ ہیں، یہ ہاؤس فیصلہ کرے یا میڈیا کہ یہ صوبائی حکومت ہمارے حقوق لانے میں کامیاب ہوئی ہے یا ناکام ہوئی؟ میں فیصلہ نہیں کرونگا، میں شاید جانبدار ہوں، آپ نے فیصلہ کرنا ہے، اس ہاؤس کے ہر ممبر نے اپنی ضمیر کی آواز پہ فیصلہ کرنا ہے۔ میرے پانچ ستون کیا ہیں؟ پہلا، نمبر ایک، نیٹ ہائیڈل پرافٹ سب سے سستی بجلی بناتا ہوں، سب سے زیادہ تیل دیتا ہوں، فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی، صوبے میں گیس سرپلس ہے، WACOG (Weighted Average Cost of Gas) کے نام پہ میرے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے، میرے پانی کا شیئر جس پر یہ لوگ خاموش بیٹھے ہیں، میرے پانی کا شیئر لانے میں یہ لوگ ناکام ہوئے، پانچواں ٹوبیکو ہے جس پہ ریاست 120 ارب روپے ٹیکس اکٹھا کرتی ہے لیکن اس صوبے کو کچھ نہیں دیتی، میں ان سے پوچھتا ہوں، اس ہاؤس کے تمام ممبران سے، وہ اپنی ضمیر کے آواز پہ فیصلہ دیں، اس پانچ باتوں پر اس صوبائی حکومت کی ان تین سالوں میں Performance کیا رہی؟ میں سوچتا رہا کہ میں ان کے حق میں بات کروں، شاید میں آخر میں ایک دو

باتیں کر بھی سکوں لیکن ان پانچ باتوں پہ یہ صرف ہمارے حقوق لانے میں بھی ناکام ہوئے اور پیش کرنے میں بھی ناکام ہوئے، ماضی کی حکومتوں کے مقابلے میں ان کی Performance بالکل Zero رہی، میں Prove کر کے دوں گا، یہ میری کوئی جذباتی باتیں نہیں ہیں، Net Hydel Profit interim agreement کے مطابق 75 بلین تین سالوں میں بنتا ہے، میرے آئینی حقوق ہیں، اگر اے جی این قاضی فارمولا پہ جائیں تو میرے 576 ارب روپے آپ کے تین سالوں میں بنتے ہیں، آپ مجھے بتائیں، آپ صرف تیئیس (23) ارب روپے ہمیں دے سکے، یہ اپریل 2021ء کا میں ڈیٹا دے رہا ہوں، آپ ہمارے پیسے لانے میں ناکام ہوئے، میں آپ سے پوچھتا ہوں، یہ جو آپ نے MoUs دستخط کئے تھے، اس کے مطابق آپ کیوں نہیں لا سکے ؟ اگر پیسے نہ ہوتے، ہم پھر بھی روزے رکھ لیتے، ہم پھر بھی اپنے پیٹ پر پتھر رکھ لیتے لیکن وہ پیسے نوے (90) ارب روپے وفاقی حکومت نے IPPs کو دیئے، اس پہ آپ کیوں خاموش رہے، میرے صوبے کا مقدمہ آپ نے کیوں نہیں لڑا؟ میں آپ سے پوچھتا ہوں، یہ میرے آئینی حقوق ہیں۔ جناب سپیکر، وہ صوبہ جو سب سے سستی بجلی دیتا ہے، جس کی Liability سب سے زیادہ ہے، اس کے باوجود بھی اگر میرا وکیل وفاق کے آگے IPPs کو نوے (90) ارب روپے مل رہے ہیں جن کی Liability مجھ سے کم ہے، جو مجھ سے مہنگی بجلی بناتے ہیں، وہاں پہ پیسے دیئے جا رہے ہیں، میرے پاس نہیں آ رہے تو یہ ہاؤس بتائے، یہ لوگ کامیاب ہوئے یا ناکام ہوئے ؟ فیصلہ کریں یہ لوگ، (تالیاں)

جناب سپیکر، یہ تو Net Hydel ہوا، Federal Excise Duty on Oil: 161، پیراگراف (b) میں دیا گیا ہے،

(b) The net proceeds of the Federal duty of excise on oil levied at well- head and collected by the Federal Government, shall not form part of the Federal Consolidated Fund and shall be paid to the Province in which the well head of oil is situated

جناب سپیکر، وہ کس کے پاس ہے، Oil wells میرے Nashpa کے، میرے مریم زئی کے، میرے مکوڑی کے، میرے چندا کے، کرک، ہنگو، کوہاٹ کے یہ جو Oil wells ہیں جناب سپیکر، 50 ہزار بیرل تیل دیتے ہوں، اس ملک کو دیتے ہوں، جو تیل باہر سے Import کرتا ہے لیکن میری فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی یہ لوگ نہیں لا سکے، پہلے تو ہم یہ پوچھتے ہیں، میں بار بار کہتا ہوں، یہ جذباتی باتیں نہیں ہیں، یہ پیش نہیں کر سکتے، ہمارا مقدمہ، اور یہ ہاؤس فیصلہ کرے، میری فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی جو کہ ہزار روپے فی بیرل ہم نے Propose کی تھی، سی سی آئی میں انہوں نے کہا، اس سے تیل مہنگا ہو گا، ہم مان گئے، چلیں تیل

کرنا ہے، Budget allocation ہر بار SGDs میں ہوتی ہے لیکن اس بار انٹرنیشنل معیار کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کے ہر Head میں اس کے مطابق Allocation کی گئی ہے، میں یہ کہہ رہی ہوں کہ یہ انٹرنیشنل لیول کو بھی اس بجٹ میں Address کیا گیا ہے۔ (تالیاں) دوسری چیز یہ ہے کہ اس بجٹ میں ہر شعبے کو فنڈنگ کی گئی، اس کی سب سے بڑی مثال میں آپ کو دیتی ہوں کہ پچھلے بجٹ میں خواتین کے لئے کچھ نہیں تھا، اس بار ایک ارب روپے مختص کئے گئے (تالیاں) اور Autism کے جو مریض ہوتے ہیں جس کو کوئی سمجھتا ہی نہیں ہے، ان کے لئے Center of excellence کا قیام اس طریقے سے باہم معذوری یا جسمانی بچوں کے لئے "رحمت اللعالمین فنڈ" کا قیام اور پشاور اور ڈی آئی خان اس میں Street children's جو ہیں ان کے لئے فنڈز کی جو Allocation ہے، یہ ہماری اس حکومت کا ایک بہت بہترین اقدام ہے۔ دوسری چیز یہ ہے کہ اس بجٹ میں مذکر و مؤنث تو ہر جگہ ہوتے ہیں لیکن اس بجٹ میں جو Fifty million rupees مؤنث کے لئے یا جو Transgender کے لئے Allocate کئے گئے ہیں، یہ بھی Inclusive budget ہونے کی نشانی ہے۔ پچھلی گورنمنٹ میں بیس ملین روپے مختص کئے گئے تھے لیکن سب کو پتہ ہے کہ Pandemic کی صورتحال تھی، سارا بجٹ ہیلتھ پہ جا رہا تھا، اس صورت میں وہ ڈیپارٹمنٹ کو Releases نہیں ہو سکیں، اس بار ہمیں پوری امید ہے کہ یہ ان کے لئے Releases بھی ہونگی اور ان کی بہتری کے لئے اس پہ کام بھی ہو سکے گا۔ جناب سپیکر صاحب، صحت جو اس Pandemic میں سب سے بڑا المیہ ہے، ہم کہتے ہیں کہ سب Damage ہوئی ہے، اس Pandemic میں وہ صحت ہے، اس وقت خیبر پختونخوا میں جو صحت میں اقدامات ہو رہے ہیں وہ قابل تحسین ہیں، پھر جو South regions میں مختلف ڈی ایچ کیوز میں جو Fund allocation ہو رہے ہیں، Phase-1 میں ڈی ایچ کیو کرک کو شامل کیا گیا ہے، میں منسٹر ہیلتھ کی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اپنا وعدہ پورا کیا جو ہم سے کیا تھا، یہ میری ذمہ داری ہے، میں آپ کو ڈی ایچ کیو کرک وہ Completely وہ Upgrade بھی کر کے دونگا اور Equipped بھی کر کے دونگا، میں شکر گزار ہوں (تالیاں) میں منسٹر ہیلتھ کی شکر گزار ہوں اور اس کے ساتھ ساتھ یورپ وغیرہ کے بارے میں تو تصور ہو سکتا ہے کہ وہاں بی ایچ کیو یا آر ایچ سی وہ Twenty four hour کام کر سکے، اس صورتحال میں Under developed countries میں یہ بڑا مشکل کام ہے جہاں پر Two hundred BHUs کو (24 hours a days, 7 days a week) وہ 7/24 اور Fifty

RHCs کو 24/7 جو ہے کھلا رکھنے کے لئے فنڈز مختص کئے گئے ہیں، یہ بھی صحت کے حوالے سے حکومت کا بہترین اقدام ہے۔ جناب سپیکر، اس Pandemic کے ساتھ جو سکولز یا تعلیم کا شعبہ متاثر ہوا ہے اور جو بحالی کی طرف بڑی مشکل سے جا رہے ہیں، پہلے سے تعلیم میں ہماری کوئی اتنی اچھی صورتحال نہیں تھی لیکن جتنی اس Pandemic نے اس کو Damage کیا، ہمارے جو منسٹر تعلیم ہیں، انہوں نے بڑی کوشش کی ہے کہ اس نقصان کو Recover کرنے کے لئے Twenty one hundred plus نئے سکولز کی تعمیر اور مرمت کا کام کیا جس سے ایک لاکھ 20 ہزار نئے بچوں کو Admission دینے کے مواقع ملیں گے۔ اس کے ساتھ Twenty thousand نئے اساتذہ جو کہ اس کمی کو پورا کریں گے، Three hundred school leaders کی تعیناتی اس کا مطلب یہ ہے کہ ہماری جو Priorities میں ہے وہ تعلیم شامل ہے کہ ہم بچوں کو اچھی اور معیاری تعلیم دے سکیں۔ جناب سپیکر، مقامی حکومتیں۔ کسی بھی معاشرے کو Develop کرنے کے لئے مقامی حکومتوں کا کردار تقلیدی ہوتا ہے یا ابتدائی ہوتا ہے، مقامی حکومتوں کے لئے جو فنڈ مختص کیا گیا ہے وہ ایک جمہوری حکومت کی حسن کی طرف اشارہ ہے، وہ بحال کرنا چاہتی ہے کہ مقامی حکومت ہو تاکہ Foot step پہ یا Door step پہ عوام کو ایک ترقی مل سکے۔ جناب سپیکر، کرک کے لئے ایک خصوصی پیکج کا اعلان کیا گیا، میری وزیر خزانہ صاحب، کیبنٹ سے ریکویسٹ ہے کہ اس میں کوہ میدان روڈ اور شریف روڈ کو شامل کیا جائے تاکہ وہاں پر جو چوہتر (74) سال سے محروم طبقہ ہے، ان کے ذرائع آمدورفت کا بندوبست ہو سکے، ان کو بھی ترقی کے مواقع ملیں۔ جناب سپیکر، یہاں فلور پر ہر روز بلین ٹریز سونامی پہ بات ہوتی ہے لیکن یہ لوگ صرف کتابوں پہ یا کسی مفروضے پہ بات کر رہے ہوتے ہیں، کوئی جا کر دیکھے کہ وہاں پر کیا ہو رہا ہے؟ وہاں پہ جو نئے درخت اگائے گئے، اس کے ساتھ Nature بحال ہو رہی ہے اور Natural جو اس کے ساتھ Growth ہو رہی ہے، شکر الحمد للہ اس کو مدنظر رکھتے ہوئے جو World Environmental Day ہے وہ اسی بلین ٹریز سونامی کی وجہ سے مقرر ہوا ہے، یہ Credit بھی ہماری گورنمنٹ کو جاتا ہے۔ جناب سپیکر، اتنا بہترین بجٹ دینے پہ میں وزیر اعلیٰ اور وزیر خزانہ کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں اور امید کرتی ہوں کہ اس کو جلد سے جلد Release کریں تاکہ عوام کو ریلیف ملے۔ تھینک یو۔

(تالیاں)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> محمد نعیم صاحب، Lapsed. محترمہ شاہدہ صاحبہ۔

محترمہ شاہدہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ آج بجٹ 22-2021ء پہ بحث ہو رہی ہے، تمام اسمبلی کے ممبران نے اپنی اپنی تجاویز پیش کیں لیکن بہت افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ پرانے جو نامکمل منصوبے ہیں، ان کے لئے کوئی فنڈ مختص نہیں کیا گیا۔ ایک اور بات کہ غریبوں کے لئے خاطر خوا کوئی اقدامات نہیں کئے گئے، روزانہ کی ضروری اشیاء اور دیگر ضروریات زندگی کے لئے کوئی رعایت نہیں، سرکاری ملازمین کے حوالے سے ایک بات کرونگی، پہلی مرتبہ حکومت نے نئے پاکستان میں بہت غیر منصفانہ رویہ اختیار کیا۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم، آپ Paper reading نہیں کر سکتیں، آپ اپنی بات کریں، Paper سے Reading آپ نہیں کر سکتیں، پوائنٹس آپ لے سکتی ہیں لیکن Paper reading آپ نہیں کر سکتیں۔

محترمہ شاہدہ: اچھا، صوبائی حکومت نے اپنے ملازمین کے لئے دس فیصد رکھ دیا ہے اور جو وفاقی ہیں، انہوں نے پچیس فیصد، میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ جس طرح وفاقی حکومت کے ملازمین کو پچیس فیصد ملا ہے، اسی طرح ان کو بھی اس میں شامل کر دیں۔ جناب سپیکر صاحب، مردان بے نظیر چلڈرن ہسپتال کی تعمیر 2008ء میں شروع ہوئی ہے، اس پر تا حال کوئی کام نہیں ہوا ہے، لہذا اس پر دوبارہ کام شروع کیا جائے۔ عوامی نیشنل پارٹی کے دور حکومت 2008ء سے 2013ء تک مردان کے لئے خیبر پختونخوا کا پہلا بڑا اور پاکستان کا تیسرا بڑا جدید منصوبہ ہے، بے نظیر چلڈرن ہسپتال جس کی تخمینہ لاگت 2190 ملین روپے اور تکمیل 2014ء تک تھی، اے این پی کے دور حکومت میں اس منصوبے پر 575 ملین روپے خرچ ہوئے جبکہ منصوبے کو تمام فنڈز جاری کئے گئے لیکن پاکستان تحریک انصاف کی حکومت نے 2013ء سے تا حال فنڈ کو روکا ہوا ہے جبکہ 1585 ملین روپے کو روکے رکھا، بلڈنگ تقریباً مکمل ہے، بڑی رقم مشینری اور بیڈز کے لئے چاہیئے، ڈالر کی قیمت میں اضافہ کی وجہ سے منصوبہ 2190 ملین سے لیکر 2325 ملین تک جا پہنچا۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم، آپ Paper سے Reading نہ کریں۔

محترمہ شاہدہ: حکومت کی نااہلی کی وجہ سے، فنڈ کے اجراء کی تکمیل نظر نہیں آ رہی ہے جس کی وجہ سے عوام کے بچے ہسپتال سے محروم ہیں اور ایک بڑا منصوبہ ضائع ہونے کا خدشہ ہے، میں تو کچھ اس سے بھی پڑھ کر دونگی، اس لئے مجھے اس میں رعایت دی جائے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Paper سے Reading نہ کریں، باقی بات کر سکتی ہیں، کریں۔

محترمہ شاہدہ: اس میں جو فگر ہے، وہ مجھے اس سے دیکھنا پڑے گا۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، بالکل فگر آپ دیکھ لیں، دیکھیں، اس طرح ہے کہ بالکل آپ Paper سے Reading کر رہی ہیں تو وہ غلط ہے۔

محترمہ شاہدہ: جناب سپیکر صاحب، میں آپ کی توجہ اس طرف کرنا چاہتی ہوں، جناب سپیکر صاحب، کہتے ہیں کہ سابقہ فاٹا کے لوگوں نے بہت قربانیاں دی ہیں لیکن ان کے مسائل اور دادرسی میں ہم سستی سے کام لے رہے ہیں، پچھلے دو دہائیوں سے فاٹا میں کام کرنے والے ملازمین جیسے ڈاکٹرز وغیرہ تاحال Regular نہیں ہوئے اور در در کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں، Merger کے بعد ان کا بھی حق بنتا ہے کہ ان کی سروسز کو Regular کیا جائے جبکہ باقی صوبے کی طرح اور سرکاری ملازمین کی طرح ان کو بھی اس میں شامل کیا جائے، میری استدعا ہے کہ جلد از جلد ان ملازمین کو مستقل کیا جائے تاکہ روز روز کی تکالیف سے بچ سکیں۔ صوبے کی آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ Dictation جو آپ کو جس نے لکھ کر دی ہے، یہ غلط ہے، میڈم، بالکل آپ۔

محترمہ شاہدہ: یہ میں نے خود لکھی ہے لیکن اس طرح ہے کہ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ بالکل Reading نہ کریں، آپ پوائنٹس اور فگرز لے سکتی ہیں لیکن آپ بالکل Paper سے Reading نہ کریں۔

محترمہ شاہدہ: اچھا، ہمارے صوبے کی آبادی زیادہ تر نوجوانوں پر مشتمل ہے، اس لئے بجٹ میں کئی نوکریوں اور روزگار کے مواقع فراہم کئے جا رہے ہیں۔ چند دن پہلے صوبائی پبلک سروس کمیشن نے پی ایم ایس کی خالی پوسٹوں کے لئے ٹیسٹ لیا، 36 ہزار امیدواروں نے Apply کیا تھا اور کمیشن میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ 25 امیدواروں کی لسٹ آگے امتحان کے لئے شارٹ لسٹ کی جائے، جناب سپیکر صاحب، یہ بنیادی حق کی خلاف ورزی ہے کہ امیدواروں کو مقابلے کے امتحان میں بیٹھنے سے محروم کیا جا رہا ہے، لہذا میری یہ گزارش ہے کہ کمیشن اس فیصلے پر نظر ثانی کرے اور تمام امیدواروں کو امتحان میں بیٹھنے دیا جائے، جو امیدوار حالیہ Screening test میں چالیس فیصد Marks لیں، ان کو بھی امتحان میں شامل کیا جائے۔ دوسری بات میں وہ زبانی بتاؤں گی، مردان میں مافیا نے اپنے ڈیرے ڈالے ہیں، ہر ڈاکٹر ہسپتال میں جو مافیا ہے، کھلم کھلا خلاف ورزی کر رہے ہیں، ہمارے ایم ایم سی ہسپتال میں غیر قانونی گیٹ بن رہا ہے جس سے

عوام کو بہت تکلیف ہے، اس لئے کہ ڈاکٹروں نے وہاں پہ اپنے لئے کلینک بنائے ہیں، ہسپتال کی جو سی ٹی سکین مشین ہے، وہ استعمال نہیں ہو رہی اور غریب مریضوں کو باہر بھیج رہے ہیں کہ وہاں پر سی ٹی سکین کریں۔ دوسری بات، لینڈ مافیا ہے، انہوں نے بھی بہت شور مچایا ہے، میں لوکل گورنمنٹ کے منسٹر صاحب سے یہ ریکویسٹ کرتی ہوں کہ وہ اس پر ذرا غور کریں، ہم لوگوں کو اس سے بچائیں، اس لئے کہ ہم شریف لوگ ہیں، اس طرح ہم ان کے ساتھ مقابلہ نہیں کر سکتے، اس میں ہماری مدد کریں۔ تیسری بات یہ ہے کہ اس کا بھی لوکل گورنمنٹ سے تعلق ہے، جب کامران بنگش صاحب اس ٹائم لوکل گورنمنٹ میں تھے، میں نے ایک کال اٹنشن لایا تھا، اس میں میں نے ان کو کہا تھا کہ ہماری ایک پرانی خستہ ٹینکی ہے جو پیپلز پارٹی کے دور حکومت میں بنی جس سے ہوتی-I اور ہوتی-II کو پانی مل رہا ہے، اس موسم میں لوگوں کو پانی کی شدید ضرورت ہے لیکن ٹینکی ایک سال گزر گیا اس کے باوجود بھی اس ٹینکی کا کام ابھی تک پورا نہیں ہوا، اس کے نیچے جو پرائمری سکول ہے، اس کے گرنے کا خدشہ ہے جس میں کافی جانیں ضائع ہو سکتی ہیں، لہذا میں لوکل گورنمنٹ سے اور وزیر صحت سے ریکویسٹ کرتی ہوں کہ ہمارے اس حال پر رحم کریں، اس کا جلدی سے جلدی کچھ حل نکالیں۔ شکریہ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو۔ یہ جو آخر میں آپ نے باتیں کی ہیں، یہ آپ کے اپنے دل کی آواز تھی، وہ آپ نے صحیح کی ہیں، باقی Paper سے Reading تھی۔ جناب ویلسن وزیر صاحب نہیں ہیں، Lapse ہو گیا۔ جناب نصیر اللہ خان صاحب۔

<u>جناب نصیر اللہ خان</u>: اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، ډیره مننه۔ زه کیدې شی بجټ سپیچ بهترین اونه کړم، څنګه چې تاسو ټولو اوکړو خو کوشش کوم چې صحیح ایشوز رااوچت کړم۔ زه جناب سپیکر مشتاق احمد غنی صاحب ته خراج تحسین پیش کوم چې په هغه ورځ باندې ئے بهترین ماحول جوړ کړے وو، زمونږ مشر سی ایم محمود خان صاحب، د هغوی په لیډر شپ کښې زمونږ سلیم جهګړا چې کوم بهترین طرز کښې دا بجټ پیش کړو، زه وایم چې دې نه اول مونږ هغه هومره ښائسته طرز کښې بجټ نه دے کتلے۔ بیا د ټول اپوزیشن ممبرز هم شکریه ادا کوم چې دوئ ډیر زبردست ماحول برقرار اوساتلو۔ زه حافظ عصام الدین صاحب چې دوه ورځې مخکښې کوم سپیچ کړے وو، په هغې کښې د ده چې کومه مایوسی د ساؤته وزیرستان په

باره کښې بیانوله نو زه هغه ته لږ جواب ورکول غواړم. حافظ عصام الدین یو تکړا ځوان دے خو Facts and Figures نه نه دے خبر، هغه بله ورځ ده په سپیچ کښې اووئیل چې په وزیرستان کښې سکیمونه خرڅیږی، زه د ده نه تپوس کوم چې په یو باندې لاس کیږده چې مونږ ټول حکومت معافی هم اوغواړو او هغه سړی ته سزا هم ورکړو خو چونکه د ده په لاس باندې سکیمونه نه کیږی، د هغې د وجې نه حافظ عصام الدین په پاکستان تحریک انصاف ډیر غلط الزام لګوی. زه دا وایم چې د ده سره Figures نشته، که دے تپوس اوکړی، Hundred کلو میټر روډ دا تیر کال کښې ده ته منظورشوے وو، د ده په حلقه کښې، زما په حلقه کښې نه دے شوے، د ده په حلقه کښې شوے دے خو دے د هغې باوجود وائی چې پاکستان تحریک انصاف ښه هسپتال نه دے جوړ کړے په ساؤتھ وزیرستان کښې خو د هغې باوجود وائی چې پاکستان تحریک انصاف څه نه کوی. د دوئ په دور کښې دوئ دې ماته دا اوښائی چې د دوئ په دور کښې سکیمونه چې کوم وو، دوئ دې مونږ ته په پښتو کښې اووایئ چې شنه په شنه خرڅیږی، په ګراؤنډ باندې به څه نه وو، په هوا کښې به ئے پیسې اوباسلې، د دوئ ټهیکیداران چې کوم دی، که د جمیعت العلمائے اسلام دی، هغه ټول د جمیعت العلمائے اسلام ممبران هم دی او زمونږ ټیچران هم دی او ټهیکیداران هم دی، نن د هغه خلقو چې کله کاروبار او دکان بند شو نو نن وائی چې پاکستان تحریک انصاف نه دے ښه، خیر بیا هم زه ورته وایم چې الحمد للّٰه، ثم الحمد للّٰه زه تیمور سلیم جهګړا صاحب، سی ایم صاحب او ورسره چې څومره فنانس ټیم دے، څومره د پی اینډ ډی ټیم دے، د هغوی شکریه ادا کوم چې دې ځل جنوبی وزیرستان ته په تاریخ کښې هم دومره څه نه دی راغلی چې کوم دې کال راغلی دی، چونکه مولانا صاحب د خپلې پروپیګنډې نه بهر نه راوځی، بار بار دوئ په مونږ باندې الزامات لګوی لګیا دی، زه د حکومت شکریه ادا کول غواړم، بلکه اول به د دوئ والا دوه کسان زه Highlight کړم چې د جمال الدین صاحب ایم این اے چې کوم دے، د هغوی سیکرټری اختر ګل ئے نوم دے، هغه زمونږ سرکاری ټیچر دے، د دوئ سره پرسنل سیکرټری دے، ټهیکیدار هم دے او دلته کښې په پی اینډ ډی کښې ټول څیزونه هم د ده په نوم باندې کیږی، چا پرې غږ اونه کړو نو دې نه

پس دوئ ته مونږ سوال کوؤ چې خپل ټیچران چې دی هغوی ته دې اووائی چې Teaching دې کوی، ټهیکیداری دې نه کوی۔ زه شکریه ادا کوم چې کوم Trade route زمونږ په اے ډی پی کښې راغلے دے ، انګور اډه ټو ټانک، هغه زمونږ د پاره نه، د پورا خیبر پختونخوا د پاره یو بهترین پراجیکټ دے ، انګور اډه ځومره مضبوطیږی، خیبرپختونخوا به هم مضبوطیږی، بیا چې زمونږ کوم Women and Children Hospital زما د دوه کالونه بار بار به مو ډیمانډ کولو، دې ځل له په اے ډی پی کښې، په AIP کښې Reflect شوے دے ، زه شکریه ادا کول غواړم د خیبر پختونخوا د ګورنمنټ چې الحمد لله د جنوبی وزیرستان د غریبو عوامو او د زنانؤ آواز ئے واؤریدو، هغې نه پس زه Suggestions هم پکښې درکول غواړم، هغه دا دے چې ایګریکلچر سیکټر کښې، محب الله صاحب، که لږ توجه شی، ایګریکلچر سیکټر کښې زمونږه یو پراجیکټ دے چې Solarization of Existing Tube wells، په هغې کښې Twenty to eighty shares باندې هغه تقسیم شوے دے چې Twenty به هلته لوکل کمیونټی او Eighty به ګورنمنټ ادا کوی، زما ریکویسټ هغه د پورا هاؤس نه او د منسټر صاحب نه دے ، فنانس منسټر صاحب دې هم سوچ پرې اوکړی چې هغه Twenty percent چې کوم دے ، هغه زمونږ خلق ډیر غریب دی، هغوی ئے نه شی ادا کولے ، ایګریکلچر کښې د ساؤتھ وزیرستان د ټولو نه بهترین خاوره ده، زمونږه واټر لیول چې کوم دے هغه Down کیږی لګیا دے، Check dams, small dams، دا زمونږ ضرورت دے ، مونږ زمکه در له درکوؤ، مقصد مو دا دے چې زمونږ که چرته ایریګیشن کښې ځومره Investment په ساؤتھ وزیرستان کښې کیږی، هغه به ضائع کیږی نه، ان شاءالله تعالیٰ دې صوبې له به بهترین ریزلټ راوړی، Plus زمونږ تنګی ډیم، شکائی سمال ډیم دی، هغه تقریباً د FDA ساتآټھ کالونه دا پراجیکټس روان دی خو هغوی ته مونږ فنډز نه ورکوؤ، بار بار هغه پکښې Ignore کیږی، زه دا وایم چې که هغوی ته فنډز ملاؤ شی نو هغه دوه ډیمونه به جوړ شی نو زمونږ ایګریکلچر به نور هم بهترین شی۔ د لفټ بنک کینال د هغه ایشوز، ګورئ جی لفټ بنک کینال داصرف د ډی آئی خان د پاره نه، د خیبر پختونخوا د

ایگریکلچر د پارہ سٹور کولے شی، دا بار بار Feasibility طرف تہ روان دے، زما ریکویسٹ دے چې پہ ھغې باندې دې ھم لږ سپیشل غور اوکړی۔ ډی آئی خان ٹو پشاور موټروے Allocation دې زیات شی، زمونږ پہ دې خپل دوہ کالو کښې کہ نور نہ وی چې پچاس فیصد ئے ھم پورا کړو نو دا بہ ډیر غټ کمال وی۔ زمونږہ دلتہ کښې یوہ غټہ مسئلہ E-bidding باندې جوړہ شوې دہ، Electronic bidding دا د ټولو د KPPRA rules مطابق خو لګا تار دا دوہ نیم کالونہ پہ Electronic bidding کښې انتہائی زیات مشکلات راروان دی، زمونږ خلقو سرہ د Internet facilityنشتہ دے، زمونږ ټھیکیدار دومرہ لیول باندې نہ دے چې ھغہ E-bidding پہ Through باندې سکیمونہ اوکړی، د وزیرستان نور خلق ټینډر پرې کوی او نن د بنمنیانې پرې جوړیږی، پرون ھم یو ځوان د ټھیکې پہ وجہ ئے ډی آئی خان کښې مړ کړے دے، مقصد دا دے چې E-biding کہ چرتہ کښې Tribal districtsد پارہ چار پانچ کالہ Relaxation ملاؤ شی، مقصد دا دے چې داE-bidding کہ چرتہ کښې زمونږ Tribal districts د پارہ چار پانچ کالو د پارہ Relax شی، دا ډیویلپمنټل کارونہ چې کوم دی دا Speed up شی، لانجې نہ وی پکښې او دا قصہ حل شی۔ زہ بیا شکریہ ادا کوم، امید کوم چې راتلونکی وخت کښې بہ د ساؤتھ وزیرستان دوہ ډسټرکٹس کښې، پہ دې باندې بہ د خیبر پختونخوا ګورنمنټ Serious قدم اخلی او زمونږ د خلقو چې کوم پہ مینځ کښې د وزیر او محسود پہ مینځ کښې چې Clash کوم جوړ شوے دے ھغہ پکښې ختمیږی۔ زہ امید کوم چې دا دوہ ډسټرکٹس ان شاءاللّٰہ تعالیٰ زمونږ ساؤتھ وزیرستان Bifurcate کیږی۔ ډیرہ مننہ، اللّٰہ مو خوشحالہ لرہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسماۃ عائشہ بانو صاحبہ۔

محترمہ عائشہ بانو: بہت شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ سب سے پہلے میں اور جو ہمارے چیف منسٹر صاحب اور فنانس منسٹر اور خاص طور پہ ان کا ڈیپارٹمنٹ، جن کا Input تھا اس بجٹ بنانے میں، ان سب کو میں مبارکباد پیش کرتی ہوں، ان کو Appreciate کرتی ہوں کہ انہوں نے دن دگنی اور رات چگنی جس طریقے سے محنت کی، Last few months میں جس قسم کا انہوں نے بجٹ آج پیش کیا ہے، ان شاءاللہ اگلا الیکشن جو ہے، مجھے بڑے Positive اور بڑا Promising ان شاءاللہ اس بجٹ کا ریزلٹ ملے

گا۔ جناب سپیکر صاحب، جو بھی ایک سمارٹ گورنمنٹ ہوتی ہے وہ Human capital پہ Invest کرتی ہے، Human capital پہ Invest کرنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ Intangible assets ہیں، جس طرح ایجوکیشن ہو گئی، ہیلتھ ہو گئی، ٹریننگ ہو گئی، Skills ہو گئے، ان چیزوں پہ Investment کرتی ہے، مجھے بڑی خوشی ہے کہ پی ٹی آئی گورنمنٹ اور خاص طور پہ ہماری کیبنٹ اور فنانس منسٹر، ان کی ٹیم کو اس بات کی سمجھ تھی کہ جو ہمارا Human capital ہے، اس پر ہم لوگوں کا Invest کرنا کتنا ضروری ہے۔ دوسرا، جب آپ Human capital پہ Invest کرتے ہیں تو آپ لوگ اپنے ممبرز کو، اپنی سوسائٹی کے جو ممبران ہیں، ان کو آپ Productive بناتے ہیں، آپ ان کو ایک Active اور Productive ممبر بناتے ہیں، سوسائٹی کا مطلب یہ ہے کہ آپ ان کو Economically empower کرنے کے راستے دکھا رہے ہیں، جب آپ ان کو Economic empower کرنے کے راستے دکھا رہے ہیں تو ہمارا GDP growth جو ہے وہ Automatically اوپر جائے گا، ہم Self sustainability کی طرف جائیں گے، ہم لوگ، دوسرا ہمارا Standard of living improve ہو گا۔ جو دو بڑے ڈیپارٹمنٹس، ایک ہیلتھ اور ایجوکیشن، ان دونوں پہ Investment جو آج ہمارے بجٹ میں جو Main chunk ہے وہ ان دونوں ڈیپارٹمنٹس پہ گیا ہے، میرے خیال سے یہ ہمارے لئے بہت بڑے فخر کی بات ہے کہ 206 ارب ایلیمنٹری ایجوکیشن، یہ میرے خیال سے ہمارا ایک ریکارڈ بجٹ ہے جو کہ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے لئے ہے، اس کے ساتھ ٹوٹل ہمارا 236 ارب، جس میں ہمارا Skill اور اس میں ہائر ایجوکیشن اور ٹیکنیکل ایجوکیشن سب ملا کے تو یہ بہت بڑی Investment ہے، ہم ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں کریں گے، ان شاء اللہ زندگی رہی اور ہم لوگ رہے تو یہ Investment ہمیں آگے کچھ سالوں میں نظر آئے گی۔ دوسرا، ہم لوگ جو سب سے زیادہ بات کرتے ہیں Change کی، تبدیلی کی، تو Change اور تبدیلی آپ کو کیسے نظر آئے گی، ایجوکیشن کا عام کرنا جو Missing facilities تھیں، جس میں ہم لوگوں نے سکول کی Missing facilities کا، ہم لوگ آگے اس کو ایک Step اور لے کر گئے ہیں، جس میں Stipends کا دینا، جس میں Vouchers کا دینا، جس میں سکولوں کی Up-lift کے ساتھ Vertical development کی طرف جانا، یہ وہ Reforms ہیں، یہ وہ چیزیں ہیں جو کہ ہمارے بچوں کو ان شاء اللہ جو سکول سے باہر ہیں، وہ ہمارا GDP growth بھی بڑھ جائے گا لیکن جو Literacy rate ہے وہ بہت اوپر جائے گا، یہ ہمارے لئے بہت خوش آئند Sign ہے۔

دوسرا، میں بات کروں گی ہمارے بچوں کی، میرے خیال سے یہ صوبہ ان شاءاللہ زندگی رہی تو یہ صوبہ پہلا صوبہ ہوگا جو کہ Juvenile Justice System Act کے اندر جو Juvenile ہمارے Conviction کے بعد ان کو جیلوں میں ڈالا جاتا ہے یا Lock-up میں ڈالا جاتا ہے، یہ پہلا صوبہ ہوگا جس کے لئے Observation home and rehabilitation centers بنائے جائیں گے، اس پہ میں خاص طور پہ فنانس منسٹر کا بہت شکریہ ادا کروں گی کیونکہ ان کو جب میں نے بتایا تو انہوں نے یہ Straight away بجٹ کا حصہ بنایا، اس کے لئے خاص طور پہ بجٹ مختص کیا۔ اسی کے ساتھ ساتھ اگر ہم لوگ بچوں کی بات کریں تو Autism ایک ایسی بیماری ہے جس کا میرے خیال سے ہمارے صوبے میں ابھی تک کوئی سنٹر نہیں تھا اور اس کے لئے سنٹر بنانا، اس کے لئے فنڈز مختص کرنا، ایک بہت بڑا Achievement ہے۔ Street children کی جب ہم بات کرتے ہیں تو بہت سارے ممبران جو ہیں اس بات کو مجھے میرے خیال سے Second کریں گے، اپوزیشن پارٹی کی بنچز اس پہ ہمیں Second کریں گی، ہمارے صوبے میں، پوری دنیا میں، بلکہ ہمارے پورے ملک میں۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> بلاول آفریدی صاحب، آپ کی آواز کافی Loud ہو رہی ہے۔

<u>محترمہ عائشہ بانو:</u> Street children جو ہیں، یہ ہم سب کا مسئلہ ہے، اس پہ کسی پارٹی کا لین دین نہیں ہے، یہ پورے صوبے کا مسئلہ ہے۔ Street children کا مطلب کیا ہے؟ یہ وہ بچے ہیں جو کہ سکول سے باہر ہیں، یہ وہ بچے ہیں جو کہ Child sexual abuse کا شکار ہو جاتے ہیں، یہ وہ بچے ہیں جو Exploitation کا شکار ہوتے ہیں، یہ وہ بچے ہیں کہ جو Child labour میں Involve ہوتے ہیں، اس کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمارا جو ایک "زمونږ کور" کا پراجیکٹ تھا جس میں One thousand capacity تھی، اس کے Successful ہونے کے بعد الحمد للہ ڈی آئی خان، سوات اور پشاور جیسی جگہوں پہ لڑکیوں کے ساتھ ساتھ یہ جو ڈی آئی خان اور سوات میں الگ سے "زمونږ کور" کا Setup ان شاءاللہ اس کے لئے الگ سے فنڈز مختص کئے گئے ہیں، "زمونږ کور" اور یہ جو اس طرح کے Initiatives ہیں، یہ بچوں کو Beggars جو ہمارے آج کل۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> یہ جو ایم پی ایز باتیں کر رہے ہیں، وہ لابی میں جا کر باتیں کریں، لیاقت خان صاحب اور بلاول، آپ اپنی سیٹ پہ چلے جائیں، بلاول، اپنی سیٹ پہ آپ جائیں۔

محترمہ عائشہ بانو: پہلی دفعہ، آپ کی توجہ چاہیئے، پہلی دفعہ ہمارے صوبے میں Child labour کا سروے ہوگا، یہ بھی ایک بہت بڑا Achievement ہے کیونکہ اسی Child survey پہ Based، ہمارا جو لیبر ڈیپارٹمنٹ کرے گا، ان شاءاللہ اس میں آپ کے پاس ڈیٹا آ جائے گا کہ کتنے بچے Child labour میں Involved ہیں، اس کے لئے الگ فنڈز مختص کئے، یہ پہلی دفعہ یہ سروے ان شاءاللہ Soon Complete ہو جائے گا۔ جناب سپیکر صاحب، میں ایگریکلچر پہ تھوڑی بات کرنا چاہوں گی، ہمارے صوبے کی آبادی زیادہ تراسی (80) فیصد دیہاتوں میں رہتی ہے، اس میں سے تقریباً بائیس (22) فیصد جو ہماری GDP growth ہے وہ بھی وہاں سے ریونیو جاتا ہے، اس کے اوپر ہماری GDP based ہے۔ دوسرا، جو چوالیس (44) فیصد ہماری لیبر کی جو Employment ہے، وہ بھی زراعت سے ہے، ہمارے جو Concerned Minister ہیں ان کو میں ریکویسٹ کروں گی کہ Urbanization بھی کنٹرول ہونا چاہیئے، تھوڑی سی اس پر توجہ دینی چاہیئے، یہ جگہ جگہ جو سوسائٹیاں بن رہی ہیں، اس سے ہمارے ایگریکلچر کو بہت نقصان پہنچ رہا ہے۔ دوسرا اسی ایگریکلچر کو Flourish کرنے کے لئے جس میں بیج کی صنعت اور اس میں پروڈکشن کی Improvement کرنا کہ کس طرح ہم اپنی پروڈکشن کو Improve کریں گے، پہلی دفعہ Sixty-five percent increase کی گئی ہے جو کہ پچیس (25) ارب ہے۔ دوسرا جناب سپیکر صاحب، بار بار بات ہوتی ہے New merged districts کی کہ وہاں پر کوئی کام نہیں ہوا، میں اس بات کو Oppose کروں گی اور میں کہوں گی کہ الحمدللہ دو سال میں جو ڈیویلپمنٹ وہاں پر ہوئی ہے کیونکہ ابھی تک وہاں پر انفراسٹرکچر ہی موجود نہیں تھا، کیا وہاں پر اس بات کی Capacity تھی، اگر ہم ان کو اربوں، کھربوں دے دیں تو کیا وہ یہ لگا سکتے ہیں؟ میرے خیال سے جتنی ڈیویلپمنٹ ہوئی ہے، ہم لوگ Transition پہ ہیں، ان شاءاللہ ہم Right direction میں جا رہے ہیں، ہم لوگ وہاں پر Law & Order situation کنٹرول کرنے کے بعد اب ہم Economic activity کی طرف جا رہے ہیں اور جو فنڈز اس دفعہ دیئے گئے ہیں، ان شاءاللہ وہ Smoothly اور صحیح طریقے سے اگر لگائے جائیں تو مجھے امید ہے کہ جو 70,75 سال کا جو ایک Gap ہے وہ ان شاءاللہ اگلے چار پانچ سالوں میں کم ہو جائے گا، بلکہ ختم ہو جائے گا، یہی اگلے چار پانچ سال اس کو توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں Last میں ایک اور Recommendation دینا چاہوں گی، ہمارے بارانی کچھ ایسے علاقے ہیں جہاں پر پریشر پمپ اور ٹیوب ویل کے اوپر لوگوں کا بڑا زور

رہتا ہے کیونکہ وہاں پر لگتا ہے کہ پانی کی کمی کو پورا کرنے کے لئے صرف اور صرف پریشر پمپ لگائے جائیں، وہاں پر ٹیوب ویل لگائے جائیں لیکن میں Concerned department کو اور منسٹر صاحبان کو یہ ریکویسٹ کرونگی کہ Water conservation خاص طور پہ Under water table ہے، اس کی سطح دن بدن پورے ملک میں کم ہو رہی ہے، میرے خیال سے ہم لوگوں نے اس طرف توجہ نہیں دی لیکن مجھے پھر بھی بہت خوشی ہے کہ اس دفعہ بجٹ میں میرے خیال سے New merged districts کے ساتھ ساتھ بہت سارے علاقوں میں Water conservation کے لئے ڈیموں کی تعمیر اور پانی کے Reserves کے لئے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: شاءاللہ صاحب، آپ کی آواز کافی Loud آ رہی ہے۔

<u>محترمہ عائشہ بانو</u>: جناب سپیکر صاحب، Water conservation جو ہے، میرے خیال سے ہماری Priority ہونی چاہیئے، اس پہ مجھے بہت خوشی ہے کہ بہت سارے علاقوں میں ڈیمز کو۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: Windup کریں۔

<u>محترمہ عائشہ بانو</u>: جناب سپیکر صاحب، میں اپنی Last request کرونگی، ہمارے جو Concerned departments ہیں، ان کو صرف میں اتنا کہونگی کہ ہمارا ملک اس دفعہ Environment day کو ان شاءاللہ Host کرے گا، یہ میرے خیال سے بلین ٹری سونامی اور پھر اس کے بعد Ten billion tree sunami کی Success جو ہمارا پراجیکٹ رہا ہے، پورے ملک میں جو پلانٹیشن ہوئی ہے، یہ اسی کی بدولت ہے کہ پہلی دفعہ یہ بہت بڑے Honour کی بات ہے کہ پاکستان Host کرے گا، اتنے بڑے Event کو، لیکن میں منسٹر صاحبان کو یہ ریکویسٹ کرونگی کہ Environment کو Ignore نہ کریں کیونکہ ہمارا Environment اگر محفوظ رہے گا، پانی محفوظ رہے گا، جو ہمارے نباتات ہیں وہ محفوظ رہیں گے، ہمارے دریا محفوظ رہیں گے، ہمارا Nature محفوظ رہے گا، ان شاءاللہ ہمارے بچے Enjoy کرینگے اس Facility کو، جو ملک میں اور ساری دنیا میں خوراک کی قلت آ رہی ہے، وہ ان شاءاللہ اس کو Timely handle کیا جائے گا۔ بہت شکریہ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: شکریہ۔ جی عبدالسلام صاحب۔

<u>جناب محمد عبدالسلام</u>: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔

ے صادق ہوں اپنے قول میں غالب خدا گواہ

کہتا ہوں سچ کہ جھوٹ کی عادت نہیں مجھے

جناب سپیکر صاحب، Covid 19 کے ان مشکل حالات میں ہمارے صوبے نے، ہماری حکومت نے محمود خان کی ہدایت پر تیمور خان جھگڑا اور اس کی ٹیم نے جو ایک بہترین غریب عوام دوست اور ٹیکس فری بجٹ پیش کر کے اس صوبے کے عوام پہ ایک احسان کیا، میں انہیں اس بجٹ پہ مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ اس بجٹ میں جہاں صوبے کی ترقی کے لئے ایک بھاری رقم مختص کی گئی، وہاں پر اس صوبے کے غریب عوام کی فلاح و بہبود پر بھی خصوصی توجہ دی گئی ہے، مزدور کی کم سے کم اجرت اکیس (21) ہزار روپے مقرر کر کے سرکاری ملازمین کی تنخواہ میں سینتیس (37) فیصد اضافہ اور بیواؤں کی پنشن میں سو (100) فیصد اضافہ کر کے یہ ایک بہت بڑا اقدام ہے جس کی نظیر ماضی میں کہیں نہیں ملتی۔ یہاں کچھ ساتھیوں نے پاکستان تحریک انصاف کے تعلیمی نظام پہ تنقید کی۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> محب اللہ صاحب اور نادیہ شیر صاحبہ، آپ کی آواز کافی Loud آرہی ہے، اگر آپ نے بات کرنی ہے تو آپ لابی میں چلے جائیں۔

<u>جناب محمد عبدالسلام:</u> جناب سپیکر صاحب، پاکستان تحریک انصاف سے پہلے ہمارے پرائمری سکول میں پانچ کلاسوں کے لئے دو کمرے اور دو اساتذہ ہوا کرتے تھے، پاکستان تحریک انصاف نے اس میں اصلاحات کر کے پرائمری سکول کے پانچ کلاسوں کے لئے چھ کمرے اور چھ اساتذہ لازمی کر دیئے۔ پہلی دفعہ پاکستان تحریک انصاف نے میرٹ پر ستاون (57) ہزار اساتذہ بھرتی کئے اور اس میرٹ کی بدولت ان پرائمری سکولوں میں مڈل اور ہائی سکولوں میں غریب کے بچوں کے لئے ایم فل اور پی ایچ ڈی اساتذہ تعلیم دینے لگے۔ اس بجٹ میں بیس (20) ہزار مزید اساتذہ اور تین ہزار سکول لیڈرز، خاص سپیشل میرٹ کی بنیاد پہ بھرتی کئے جائیں گے، سو (100) فیصد میرٹ کی بنیاد پہ بھرتی کئے جائیں گے۔ جناب سپیکر صاحب، پاکستان تحریک انصاف سے پہلے ادوار میں اساتذہ کی Appointment کا طریقہ کار کیا تھا؟ صرف سیاسی بنیادوں پہ ہوا کرتی تھی، اپنے ایم پی ایز، ایم این ایز میں وہ کوٹہ تقسیم ہوتا تھا، تھرڈ ڈویژن میٹرک پاس، ایف اے پاس اساتذہ بھرتی کئے جاتے تھے، وہ کیا خاک اس صوبے کے بچوں کو تعلیم دیتے؟ جناب سپیکر صاحب، اس بجٹ میں تعلیم پہ خصوصی توجہ دی گئی ہے، دو ہزار سکولوں کی تعمیر اور Up gradation کے لئے خصوصی رقم مختص کی گئی ہے، Ninety seven آئی ٹی لیبارٹریوں کے لئے جدید دور کے تقاضوں کے مطابق، موجودہ اور آنے والے دور کی ضرورت کے مطابق آئی ٹی کی لیبارٹریوں کے لئے رقم

مختص کی گئی،اس کے ساتھ ساتھ Fifty seven سائنس کی لیبارٹریاں بھی منظور کی گئی ہیں۔جناب سپیکر صاحب، محکمہ صحت کے بارے میں ہمارے کچھ ساتھیوں نے محکمہ صحت کی اصلاحات کے بارے میں کچھ ساتھیوں نے اعتراضات کئے کہ پاکستان تحریک انصاف نے Health emergency میں کیا کیا؟ جناب سپیکر صاحب، صوبے کے جتنے بھی ڈی ایچ کیوز اور ٹیچنگ ہسپتال ہیں، ان کو جدید آلات سے اور موجودہ دور کے جدید تقاضوں کے مطابق Upgrade کیا گیا ہے، BHUs, RHCs upgrade کر دیئے گئے ہیں، ڈاکٹرز کی تعداد کو ڈبل سے بھی زیادہ کر دیا گیا ہے تاکہ غریب عوام کو ان کی دہلیز پہ علاج کی سہولت مل سکے۔انصاف صحت کارڈ ایک انقلابی اقدام ہے جس سے KP کے غریب عوام کی مشکلات کو کافی حد تک ختم کر دیا ہے۔جناب سپیکر صاحب،انصاف صحت کارڈ کے اجراء سے پہلے جب کسی غریب کے گھر میں کوئی بڑی بیماری آتی، یا وہ اس کے محلے والے اس کے علاج کے لئے چندہ اکٹھا کرتے تھے یا وہ اپنے پیاروں کی زندگی کے دن گنتے،اس بے بسی کے عالم میں اس کی موت کا انتظار کرتے مگر پاکستان تحریک انصاف، محمود خان صاحب کی سوچ اور اس کی ہدایات کے مطابق وزیر صحت تیمور خان جھگڑا نے KP کے ہر شہری کو ان کی جیب میں شناختی کارڈ، ان کے شناختی کارڈ پر دس لاکھ کی ایڈوانس صحت کی پالیسی ان کو دی ہے جس سے وہ اپنے سرکاری ہسپتالوں اور پرائیویٹ ہسپتالوں میں بہترین علاج کر سکتے ہیں۔اس بجٹ میں ایک بلین روپے کی خطیر رقم Liver transplant کے لئے بھی رکھی گئی ہے جو ہر شہری کو پچاس لاکھ روپے تک اس کی Liver transplant کے لئے بھی سہولت میسر کی گئی ہے۔جناب سپیکر صاحب،انصاف صحت کارڈ ایک بہت بڑا اقدام ہے، ہمارے کچھ اپوزیشن والے ارکان اکثر گلہ کرتے ہیں کہ ہمیں حکومت کچھ نہیں دیتی، میں ان کو کہتا ہوں کہ انصاف صحت کارڈ جس طرح حکومتی ارکان کو ملا ہے وہ دس لاکھ روپے آپ لوگوں کو بھی پاکستان تحریک انصاف نے دیا ہے، تمام اپوزیشن والوں کو دس لاکھ روپے ان کو بھی دیئے ہیں، جس طرح ان کو دیا، ان کا وہ گلہ ان شاء اللہ ختم ہو گیا ہو گا۔جناب سپیکر صاحب، ٹیکسوں کے نظام پہ یہاں بات ہوئی، پرسوں ایک معزز رکن اسمبلی نے کہا کہ ماچس پہ بھی ہم ٹیکس دیتے ہیں، بالکل حکومت ٹیکس عوام سے اکٹھا کرتی ہے، میں کہتا ہوں ماچس نہیں، ہم اپنے پیاروں کے کفن، پیاروں کی موت پہ جب کفن خریدتے ہیں تو ہم کفن پر بھی ٹیکس دیتے ہیں، پچھلی گورنمنٹ نے ہم سے قرآن شریف پہ بھی ٹیکس اکٹھے کئے ہیں۔جناب سپیکر صاحب، ٹیکس ہر حکومت اکٹھا کرتی ہے مگر حکومت کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ اکٹھی کی ہوئی رقم ایک ایک پائی اپنے عوام کی فلاح و بہبود اور اس ملک کی ترقی پہ

خرچ کرے، نہ کہ وہ پاناما لیکس پہ چلی جائے، نہ کہ وہ پاپڑ والے، فالودہ والے کے اکاؤنٹ میں چلی جائے اور نہ کہ اس سے کسی کو ایزی لوڈ ہو اور نہ کسی کو ڈیزل کے پرمٹ ملیں۔ جناب سپیکر صاحب، میں ان کو یہ تسلی دلاتا ہوں کہ پاکستان کی قیادت اس وقت ایک نہایت ایماندار لوگوں کے ہاتھوں میں ہے، عوام سے اکٹھا کیا گیا ایک ایک پائی عوام کی فلاح و بہبود پہ خرچ ہوگا، کسی کے لئے اس سے کوئی پاپڑ والے کے اکاؤنٹ میں، کوئی اس سے ایزی لوڈ وغیرہ کچھ بھی نہیں ہوگا۔ جناب سپیکر صاحب، میں اپنی بات ختم کرتا ہوں، میری تیمور سلیم خان جھگڑا سے بھی ایک ریکویسٹ ہے کہ کفن پہ جس طرح ہماری مرکزی حکومت نے قرآن شریف پہ ٹیکس میں چھوٹ دی ہے، ان سے میری ریکویسٹ ہے کہ کفن کے کپڑے پہ ٹیکس میں چھوٹ دی جائے تاکہ کوئی بھی غریب اپنے پیاروں کے کفن کے لئے جو کپڑا خریدے اس پہ ٹیکس نہ دینا پڑے۔ جناب سپیکر صاحب، میرا تعلق مردان سے ہے، بجٹ سے ہٹ کر ایک ریکویسٹ ہے، گزشتہ دنوں مردان میں شدید ژالہ باری ہوئی اور طوفانی بارشوں نے وہاں پر بہت نقصان کیا، مردان صوبے کا دوسرا بڑا ضلع اور پشاور کے بعد دوسرا بڑا شہر ہے، شدید ژالہ باری اور طوفانی بارشوں کی وجہ سے وہاں پر ہم کئی قیمتی جانیں ضائع کر چکے ہیں، غریب عوام کے مکانوں کو بہت نقصان پہنچا ہے، غریب مزدور کسانوں کی فصلوں کو بہت زیادہ نقصان پہنچا ہے، میری حکومت وقت سے یہ درخواست ہے، منسٹر فنانس بھی بیٹھے ہوئے ہیں، مردان کو آفت زدہ ضلع قرار دے کر ان کے نقصانات، غریب عوام کے نقصانات کے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> عبدالسلام صاحب، آپ بجٹ پہ بات کریں، بجٹ پہ۔

<u>جناب محمد عبدالسلام:</u> غریب عوام کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے، والسلام۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> تھینک یو۔ جناب شفیق آفریدی صاحب، Lapsed. محترمہ بصیرت بی بی صاحبہ۔

<u>جناب شفیق آفریدی:</u> سر، میں ہوں نا۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> آپ شفیق شیر ہیں، شفیق آفریدی نہیں ہیں۔

<u>جناب شفیق آفریدی:</u> نہیں، یہ میں ہوں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> یہ آپ Serial number میں۔

<u>جناب شفیق آفریدی:</u> سر، یہ میں اور بصیرت بی بی۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> نہیں، یہ آپ نہیں ہیں، آپ بعد میں۔

<u>جناب شفیق آفریدی:</u> سر یہی ہوں، یہ نام میں نے دیا ہوا ہے، آپ دیکھ لیں پلیز۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شفیق آفریدی صاحب۔

جناب شفیق آفریدی: سر، یہ میرا اوالا نام ہے، کاغذ پہ صرف شفیق آفریدی لکھا ہوا ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ نے نام دیا تھا، میں اس وقت Chair کر رہا تھا، وہ آپ کا Serial No. 55 ہے، بیٹھ جائیں۔

جناب شفیق آفریدی: نہیں، یہ Already اس میں لکھا ہوا ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ بصیرت صاحبہ، Lapsed. محترمہ سمیرہ شمس صاحبہ۔

جناب شفیق آفریدی: Excuse me، ہمارے بلوچستان عوامی پارٹی کے جتنے بھی بندے ہیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ سمیرہ شمس صاحبہ۔

محترمہ سمیرا شمس: شکریہ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، سب سے پہلے آپ کو اور مشتاق غنی صاحب کو میں خراج تحسین پیش کرتی ہوں، جو بجٹ کا سیشن ہوا، اس دفعہ نیشنل اسمبلی میں اور باقی پراونشل اسمبلیوں میں اپوزیشن کی طرف سے جو ہنگامہ آرائی ہوئی یا Treasury benches کی طرف سے اس کی مذمت ہونی چاہیئے، یہ آپ کی اور مشتاق غنی صاحب کی Leadership کی Quality تھی کہ بہت ہی Peaceful environment میں ہمارا بجٹ فنانس منسٹر صاحب نے پیش کیا اور جو Situation بلوچستان اور باقی اسمبلیوں میں پیش آئی، ہمارے اس صوبے میں اس Situation کو Tackle کیا گیا، Timely peaceful environment میں جو ہمارا بجٹ تھا وہ پاس ہوا، اس پر میں مبارک باد بھی پیش کرتی ہوں، مشتاق غنی صاحب اور آپ کی Leadership کی Qualities تھیں۔ بجٹ تاریخی اس لئے ہے کہ بجٹ ریاست مدینہ کے ایک پہلو کو Represent کرتا ہے، اس میں Equality کی بنیاد پہ معاشرے کے ہر ایک طبقے کو Representation دی گئی ہے، میں سی ایم صاحب کی Leadership میں فنانس منسٹر صاحب کو مبارک باد پیش کرتی ہوں کہ انہوں نے معاشرے کے ہر ایک طبقے کے جو Marginalized ہیں، Senior citizens کو Personal disabilities کو Transgender کو خواتین کو Youth کو اور Specially government servants کو باقاعدہ سے اپنی تقاریر میں Mention بھی کیا، ان کے لئے جو جو Allocations تھیں وہ Highlights بھی کیں، یہی ریاست مدینہ ہے، حکمران جو ہمارے معاشرے کے ہر ایک طبقے اور سوسائٹی سے Represent کرتے ہیں، جو مختلف لوگ ہیں، ان کو باقاعدہ نمائندگی دی گئی، ان کے بارے میں

ڈیبیٹ میں Mention کیا گیا، ان کے لئے Specific allocation کی گئی، میں صرف خواتین کی وجہ سے نہیں بلکہ ہر ایک طبقے کو Representation دی گئی ہے، میں کہتی ہوں کہ یہی Gender sensitive budget ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ اکثر میں یہ بات کہتی رہتی ہوں کہ پاکستان ایک زرعی ملک ہے، بدقسمتی سے ہمارے حکمران جو پچھلے رہ چکے ہیں، انہوں نے کبھی ایگریکلچر سیکٹر پہ Focus نہیں کیا، ہمیشہ ہم Follow کرتے ہیں کہ ہم کہیں سے تیل کے ذخائر نکالیں، کہیں سے کوئلہ نکالیں، کہیں سے کوئی جیم سٹون وغیرہ پہ Focus کریں، عرب ممالک کو ہم Follow کرتے ہیں یا یورپی ممالک کو Focus کرتے ہیں لیکن جو ہمارا اپنا Agriculture based country ہے، میں کہتی ہوں کہ انگریز اٹھارہویں صدی میں آئے تھے، اسی Agricultural land کی خصوصیت کو دیکھ کر انہی مصالہ جات کی پیداوار کے حوالے سے پرائم منسٹر صاحب کا ایک سپیشل پروگرام ہے Agriculture reforms کے لئے جس کو صوبے میں محب اللہ خان صاحب Lead کر رہے ہیں، غریب طبقے کی شروعات کسان سے ہوتی ہیں جو اپنی کھیتی باڑی کر کے اپنے گھر کا چولہا جلاتا ہے، اس بجٹ میں 22-2021ء میں ان کو سپیشل ٹیکس ریلیف دیا گیا ہے، ان سے Zero percent ٹیکس لیا جائے گا تاکہ ان کو Facilitate کیا جائے، ان کو Encourage کیا جائے، ساتھ میری ایک ریکویسٹ ہوگی کہ ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ یا ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ ایک Lead لے لے اور اگر ہم ایگریکلچر کے حوالے سے Up to date research کر سکیں، اس ریسرچ کو ہم ان کسانوں تک پہنچا سکیں تو اس سے زیادہ بہتری آئے گی، نہ صرف جو معاشرے میں ہمارے جو Farmers ہیں ان کے لئے بلکہ ساتھ میں حکومت کو بھی Revenue generation میں فائدہ ہوگا۔ بجٹ میں ہر ایک کے بارے میں کہا گیا ہے، میں کہتی ہوں کہ یہی ریاست مدینہ کا بجٹ ہوتا ہے، جس میں سب کے بارے میں ڈسکشن ہوتی ہے، پہلے Below the poverty line جو لوگ ہوتے تھے، ان کے لئے Heart surgeries کروانا، Liver transplant کروانا، Kidney surgeries کروانا، میں کہتی ہوں ان کا تو سوچ و گمان میں بھی نہیں تھا، مجھ جیسے مڈل کلاس سے تعلق رکھنے والے عوام کبھی سوچ میں نہیں سکتے تھے کہ وہ اس طرح کی Surgeries afford کر سکیں گے، یہی ریاست مدینہ ہے کہ یہاں پہ حکمران نے یہ ذمہ اپنے اوپر اٹھایا ہے کہ وہ اس طرح سے مہنگی Surgeries جس کا کبھی کوئی سوچ بھی نہیں سکتا، اب حکومت Sponsor کرے گی۔ اپنے ڈسٹرکٹ کے حوالے سے میں کہوں گی کہ ہمارے ڈسٹرکٹ میں مطالبہ کیا جاتا تھا کہ جو

دیر چکدرہ موٹر وے ہے، اس کو نظر انداز کیا گیا ہے یا سی ایم صاحب کی کچھ Manipulation ہے یا باقی Allegations لگائے جاتے تھے جو ہمارے لوئر دیر سے منتخب نمائندگان ہیں، انہوں نے Timely سی ایم صاحب کو اس حوالے سے بجٹ سے پہلے Update کیا، اس کی Feasibility study ہو چکی ہے، وہ Proper طریقے سے جس طرح ایک سکیم ڈلوائی جاتی ہے، اب Feasibility study approve ہونے کے بعد یہ بجٹ میں Reflect ہو گیا ہے، میں ضلع دیر کے عوام کی طرف سے سی ایم صاحب کی بہت مشکور ہوں، یہ ہمارا دیرینہ مطالبہ تھا جس سے عوام کو مستفید ہونا تھا، اس کو اس بجٹ میں Reflect کیا گیا ہے، بہت شکریہ، مجھے ٹائم دینے کے لئے، Repetition پہ میں نہیں جاؤنگی ورنہ بجٹ پہ باتیں کرنے کو تو بہت ساری ایسی سکیمز ہیں جو Reflect ہو سکتی ہیں، اس میں Highlight ہو چکی ہیں لیکن Already بہت سارے ممبران اس پہ بات کر چکے ہیں، مجھے ٹائم دینے کے لئے آپ کا شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سراج الدین صاحب، .Lapsed جناب شکیل بشیر خان صاحب۔

جناب شکیل بشیر خان: مهربانی جناب سپیکر صاحب، ماته د وخت د کمی احساس دے، زه به کوشش کوم چې زر تر زره خپلې خبرې ختم کړم۔ عزتمند سپیکر صاحب، د دې بجټ نه د عام سړی او د غریب سړی ډیر توقعات وو، حکومت به هم دا دعویٰ کوله چې Economy ٹھیک طرف ته روانه ده خو چې کله بجټ پیش شو نو عام او غریب ډیر مایوسه شو ځکه چې په دې بجټ کښې د بد قسمتئ نه د عام سړی د خوشحالئ سوکالئ او د ترقئ د پاره هیڅ هم نه وو۔ عزتمند سپیکر صاحب، څنګه چې اووئیلې شو چې صوبائی حکومت د مرکز نه د بجلئ په مد کښې دOil and Gas په مد کښې د تمباکو په مد کښې د اوبو په مد کښې خپل حق حاصلولو د پاره هیڅ کوشش او نه کړو او نه ئے حق واغستو، Even چې کوم پرویز خټک صاحب د مسلم لیګ نون سره کوم MoU sign کړې وه او هغې کښې ئے 1.1 یونټ باندې کم Induction پانچ فیصد وو، هغې باندې هم صوبائی حکومت خاموشی اختیار کړې ده نو زه به ستاسو په وساطت وزیر خزانه صاحب ته اووایم چې په دې خاموشی نه اختیاروی او هغه خبره کیږی، جب حقوق نہ دیئے جائیں تو پھر چھینے جاتے ہیں، نو پکار ده چې په دې باندې عمل اوکړے شی۔ عزتمند سپیکر صاحب، په دې بجټ کښې د هغه خلقو د پاره شل فیصده اضافه اوشوه، د

هغه ملازمینو د پاره چې چا ته خصوصي الاؤنس نه ملاویږي، دا ډیر زیاتے دے ، تاسو اوګورئ نو زیات تر د ډیپارټمنټ ملازمینو ته خصوصي الاؤنس ملاویږي، د یو داسې محکمې ملازمین به وي چې هغوی ته دا سپیشل الاؤنس نه ملاویږي نو دا عام ملازمینو سره ډیر زیاتے دے۔ داسې هاؤس رینټ صرف سات فیصد اضافه پکښې اوشوه نو چې تاسو حساب اولګوئ د ګریډ 19 افسر ته صرف 180 روپۍ اضافه اوشوه، داسې د ګریډ 17 په هاؤس رنیټ کښې صرف چار سو روپۍ اضافه اوشوه نو دا ډیر زیات ظلم دے ، د دې ګرانئ وخت کښې ورځ په ورځ څومره ګراني راځي، د کورونو کرایانې کوم ځائې نه کوم ځائې ته لاړې او صرف دا خندا کول دي۔ عزتمند سپیکر صاحب، دلته دې بجټ کښې اووئیلې شو چې کم سے کم تنخواه به 21 هزار وي خو دې بجټ کښې د پرائیویټ سیکټر د پاره د Implementation د پاره وزیر خزانه صاحب څه د هغې Mechanism څه وضاحت او نه کړو، د پرائیویټ سیکټر به دیکښې څنګه چیک ساتلې کیږي؟ دلته دې بجټ کښې د 20 هزار جماعتونو د خطیب د پاره د اعزازئې خبره اوشوه نو آیا په دې صوبه کښې صرف شل زره جماعته دي، داسې نه چې صرف دا اعزازیه خپل Blue eyed یا خپلو کسانو له دا اعزازیه ورکړے شي نو د دې د هم خصوصي خیال اوساتلے شي۔ عزتمند سپیکر صاحب، د وخت د کمی د وجې نه زه ډیرې خبرې نه اوږدوم خو زه چې د ډسټرکټ چارسده په بجټ نظر واچوم نو په دې بجټ کښې د ضلع چارسدې د پاره هیڅ څه میګا پراجیکټ نشته، سلطان خان به دلته مونږ ته خبره کوله چې ما میډیکل کالج منظور کړو خو چې تاسو اوګورئ، په دې بجټ کښې د میډیکل کالج د پاره صرف ایک هزار روپۍ دي، داسې د باچا خان یونیورسټۍ چې د اے این پی د دور د هغوی د حکومت کارنامه ده، نه په شبقدر کښې او نه په تنګی کښې Sub-campus د پاره څه پیسې شته، داسې چارسده چې یو اهم ضلع ده، هلته سنټرل جیل د پاره څه نشته نو عزتمندو دې وخت کښې فیډرل ګورنمنټ هم د پی ټی آئی دے ، صوبائی حکومت هم د پی ټی آئی دے او دلته څلور ایم پی ایز دي، دوه ایم این ایز، دا هم د پی ټی آئی د ضلع چارسدې دي، پکار ده چې دوئ مرکزی حکومت سره خبره اوکړي چې دلته کوم زمونږه د چارسدې خزانه شوګر مل وو، Sorry چارسده پیپر مل

وو، هغه ختم شو، پکار ده چې زمونږه د پي ټي آئي حکومت خپل فيډرل حکومت سره خبره اوکړی، د هغې د پاره کردار اداکړی، هلته په چارسده کښې زمونږه چې کوم ريلوے ټريک دے، هغه Functional کولو د پاره څه قدم واخلی، داسې چارسده چې يو زرخيزه ضلع ده او زيات تر خلق په زراعتو باندې Depend کوی، په دې بجټ کښې د زراعتو د پاره هم څه نشته، د هغه زميندارو د پاره، د هغه کاشکارانو د پاره هيڅ قسمه څه نشته نو د پي ټي آئي ممبران صاحبان چې ديکښې چپ پاتې شو، ديکښې خاموشه پاتې شو نو دا به د دوئ د پاره ډير زياتے وی۔، اخرنئ خبره زه د خپل حلقې په باره کښې اوکړم، PK-57 څنګه چې ما مخکښې اووئيل چې په ضلع چارسده کښې څلور ايم پي ايز د پي ټي آئی، دوه ايم اين ايز د پي ټي آئي، ټول زما ورونړه دی، زما ملګری دی، صرف د سړکونو په مد کښې ورله شل شل کروړه روپئ ورکړې، داسې د Irrigation په مد کښې کروړونه، د پبلک هيلتهه په مد کښې کروړونه، صرف زه د اپوزيشن سره تعلق ساتم، زما په حلقه کښې يو سکيم شامل شوے نه دے، آيا دومره تنګ نظری، دومره بد نيتی، دومره دشمنی چې دوئ يو د اپوزيشن ايم پي اے نه شی برداشت کولے، څه چل به شوے وو، دا زما ورونړه دی، د دوئ په حلقو کښې کار کيږی، پرې خوشحاله يم خو چې کم ازکم زه هم عوامو منتخب کړے يم، ماله هم عوامو ووټ راکړے دے، پکار ده چې زما د حلقې د پاره هم دهغه شان د څه پيکيج اعلان اوکړے شی۔ عزتمند سپيکر صاحب، دهغه شان خبرې خو ډيری دی خو وخت کم هم دے او بيا اخر کښې به زه وزير خزانه صاحب ته دا اووايم چې عام سړے ديکښې هيڅ دلچسپی نه ساتی چې ايکسپورټ څومره زيات شو، امپورټ څومره شو، Inflation rate دا دے او Balance of Payment دا دے، عام سړے دې سره غرض ساتی چې ماته روزګار ملاؤ شی، زما ځوے په روزګار شی، د اوړو قيمت کم شی، د دوايانو قيمت کم شی، کوم چې د پنځوس لکهو کورونو وعده شوې ده، هغې کښې ماته کور ملاؤ شی، کوم چې د کروړونو نوکرو اعلان شوے دے، هغې کښې ماته او زما خاندان ته حصه ملاؤ شی، نو چې دې باندې عمل اوشو نو حکومت مخکښې ځی، صرف چې په فګرز باندې شوه او په ښکلو ښکلو خبرو باندې شوه نو هغه حکومت بيا مخکښې نه چليږی۔ اخر کښې ستاسو

په وساطت زه وزیر اعلیٰ صاحب ته، وزیر خزانه صاحب ته ریکویسټ کوم چې هغه شان زما حلقه کښې هم د Sanitation ډیر کار دے، د سړکونو ډیر کار دے ځکه ځائې په ځائې سړکونه خراب دی، ځائې په ځائې آبادی شوې ده، نوې نوې کالونئ جوړې شوې دی، هلته خلق فرش بندی غواړی، هلته خلق د بجلئ کارونه غواړې، نو په دې لړ د تعصب نه بهر اوګورئ او زما په حلقه دې دا صوبه رحم اوکړی۔ ډیره ډیره مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ جی فیصل زیب۔

جناب فیصل زیب: اعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر، آپ نے بجٹ پر بات کرنے کا موقع دیا۔ بجٹ پر ہمارے پارلیمانی لیڈرز اور ممبران نے تفصیلی بات کی لیکن بڑے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس مرتبہ پھر میرے حلقے کو مکمل طور پر نظر انداز کیا گیا ہے۔ اس بجٹ سے لوگوں کی بہت امیدیں وابسطہ تھیں، جب ساری دنیا میں کورونا وائرس تباہی مچا رہا تھا، ہماری صوبائی حکومت نے Adhoc basis پر ڈاکٹرز کو Appoint کیا، ان ڈاکٹر صاحبان نے اپنی جان کی پرواہ نہیں کی، دن رات لوگوں کی خدمت کی لیکن افسوس کہ اس بجٹ میں ان کے Permanent ہونے کی کوئی بات موجود نہیں۔ 12-04-2021 کو اسی اسمبلی میں ایک قرارداد منظور ہوئی تھی، اس پہ جناب سپیکر صاحب کے Directions بھی تھے کہ دوماہ کے اندر اس پر رپورٹ دی جائے لیکن افسوس، اسی طرح ہمارے ٹیچرز جو کہ 2018ء اور Onwards مختلف پوسٹوں پر بھرتی ہوئے Adhoc basis پر، اس بجٹ میں ان کی Regularization کی بھی کوئی بات موجود نہیں، میری وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا، ہیلتھ منسٹر اور فنانس، Sorry، ایجوکیشن منسٹر سے یہ ریکویسٹ ہے کہ اس بجٹ میں ان ڈاکٹرز اور ان ٹیچرز کو Permanent کرنے کا اعلان کیا جائے۔ اگر میں اپنے حلقے کی بات کروں، ایجوکیشن کی بات کروں، یونیورسٹی، کالج تو دور کی بات، اس بجٹ کی اتنی بڑی کتاب میں میرے حلقے کے لئے ایک پرائمری سکول تک موجود نہیں، کیا میرے حلقے کے بچوں کا اس صوبے اور اضلاع کی طرح حق نہیں بنتا؟ تیسرا سال چل رہا ہے کہ میرے حلقے کے بچوں کے ساتھ اور بچیوں کے ساتھ یہ زیادتی ہو رہی ہے، میرے لوگوں کا گناہ صرف یہ ہے کہ انہوں نے حکومتی امیدوار کے مقابلے میں مجھے جتوایا۔ اسی طرح روڈ سیکٹر کی اگر بات کی جائے جناب سپیکر، اکیسویں صدی ہے اور روڈ سیکٹر بنیادی سہولت ہے لیکن افسوس کہ میرے حلقے میں بہت ایسے علاقے ہیں جہاں پر روڈ کی سہولت نہیں، جب

کسی مریض کو لے جانا ہو تو لوگ چارپائی پر باندھ کر دشوار راستوں سے اس کو لے جاتے ہیں، بعض اوقات وہ مریض راستے میں ہی دم توڑ جاتا ہے، میری فنانس منسٹر سے ریکویسٹ ہے کہ برائے مہربانی خدارا میرے حلقے میں روڈ سیکٹر میں، ایجوکیشن سیکٹر میں، ہیلتھ سیکٹر میں حکومت کچھ نہ کچھ ایسا اقدام کرے کہ لوگوں میں مایوسی پیدا نہ ہو۔ اسی طرح میں Rescue 1122 کی بات کرونگا، میرا ضلع دو حلقوں پر مشتمل ہے، PK-23-24 جبکہ PK-23 میں دو Rescue centers ہیں لیکن PK-24 میں کوئی سنٹر نہیں ہے، میرے خیال میں حکومت کو PK-24 میں ایسی کوئی ایمرجنسی نظر آتی نہیں ہو گی کہ ان کو Rescue 1122 کی ضرورت ہو، میں اسمبلی فلور پر منسٹر صاحب سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اس اے ڈی پی میں PK-24 میں بھی Rescue center کا قیام عمل میں لایا جائے۔ میں بہت ٹائم نہیں لونگا، آخر میں میں اپنے وزیر اعلیٰ صاحب سے یہ ریکویسٹ کرونگا کہ ہمیں آپ پر بہت فخر ہے کہ آپ کا تعلق ملاکنڈ ڈویژن سے ہے لیکن تین سال گزرنے کے باوجود ملاکنڈ ڈویژن کی سطح پر کوئی بڑا پراجیکٹ نہیں کیا گیا اور پھر بالخصوص شانگلہ اور میرے حلقے میں، میں اپنے وزیر اعلیٰ صاحب سے ریکویسٹ کروں گا کہ خدارا میرے حلقے پر توجہ دیں اور امید رکھتا ہوں کہ ان دو سالوں میں وزیر اعلیٰ صاحب توجہ دیں گے، ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب کا نام پھر لوگ اچھے الفاظ میں یاد کریں، جیسے آج اگر ہم اسمبلی میں بات کرتے ہیں، اپوزیشن ایم پی ایز بات کرتے ہیں، بہت سے حکومتی ایم پی ایز بات کرتے ہیں، اگر آج بات ہوتی ہے تو امیر حیدر خان ہوتی کی ہوتی ہے، میری یہ ریکویسٹ ہو گی کہ ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب ملاکنڈ سے تعلق رکھتے ہیں، وہ بھی ایسا اقدام کریں کہ جس طرح حیدر خان کا نام لیا جاتا ہے، اس طرح کل محمود خان کا نام بھی لیا جائے۔ شکریہ۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو جی۔ صلاح الدین صاحب۔

جناب صلاح الدین: جناب سپیکر، آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں:

ہر دردمند دل کو رونا میرا رلا دے

بے ہوش جو پڑے ہیں شاید انہیں جگا دے

(تالیاں)

Mr. Speaker Sir, I would like to draw your attention and that of the Finance Minister towards his Constitutional obligation, Article 160

(3B): "The Federal Finance Minister and Provincial Finance Minister shall monitor the implementation of the Award biannually and lay their reports before both Houses of Majlis-e-Shoora (Parliament) and the Provincial Assemblies.]" But our Provincial Minister unfortunately has failed in keeping his Constitutional obligations.

